AN INDEPENDENT NATIONAL DAILY FROM LAHORE
جھوٹ کیخلاف A.B.C CERTIFIED سچ کی طاقت
DAILY MASAFAT LAHORE
روزنامہ مسافت لاہور
بانی اصغر علی جٹ (مرحوم)
ایگزیکٹو ایڈیٹر چوہدری اکرم مجید
چیف ایڈیٹر مسز راحت آراء
ایڈیٹر حیدر علی بھٹی
قیمت 10 روپے
جلد نمبر 24
بدھ 8 شوال 1445ھ 17 اپریل 2024ء 5 بیساکھ 2079ب
شمارہ نمبر 297

پاکستان کی سعودی عرب کو پی آئی اے اور ائیرپورٹس کی نجکاری میں جوائنٹ وینچر کی پیشکش

دونوں ممالک کے مابین تجارت اور سرمایہ کاری کے شعبوں تعاون کے مزید فروغ کا خواہاں' پاکستان اور سعودیہ عرب کے مابین دیرینہ برادرانہ تعلقات، عیدالفطر کے فوری بعد سعودی وفد کا دورہ پاکستان خوش آئند ہے، شہباز شریف

زرداری سے سعودی وفد کی ملاقات، مضبوط شراکت داری قائم کرنے، اقتصادی تعاون مزید فروغ دینے کے عزم کا اعادہ' سعودی عرب کیساتھ موجودہ تعلقات کو طویل المدتی تزویراتی اور اقتصادی شراکت داری میں بدلنا چاہتے ہیں صدر مملکت

اسلام آباد (این این آئی) خصوصی سرمایہ کاری سہولت کونسل نے سعودی عرب کو قومی ایئر لائن پی آئی اے اور ائیرپورٹس کی نجکاری میں جوائنٹ وینچر کی پیشکش کردی۔ ذرائع کے مطابق وزیر اعظم شہباز شریف کی زیرصدارت خصوصی سرمایہ کاری سہولت کونسل کی ایپکس کمیٹی کا اجلاس ہوا جس دوران سعودی وفد نے ایپکس کمیٹی سے ملاقات کی جس میں آرمی چیف جنرل عاصم منیر بھی خصوصی طور پر شریک تھے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے سعودی مہمانوں کا استقبال کیا جبکہ اس دوران ایس آئی ایف سی ایپکس کمیٹی نے سعودی وفد کو سرمایہ کاری منصوبوں پر بریفنگ بھی دی۔ ذرائع کے مطابق سعودی وفد کو پی آئی اے اور ایئر پورٹس کی نجکاری میں جوائنٹ وینچر کی پیشکش کی گئی ہے، اس کے علاوہ سعودی وفد کو اسلام آباد میں 2 فائیو اسٹار ہوٹلز کی نجکاری میں بھی جوائنٹ (بقیہ نمبر 61)

اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف سے سعودی وزیر خارجہ شہزادہ فیصل بن فرحان آل سعود اپنے وفد کے ہمراہ ملاقات کر رہے ہیں

نواز شریف پارٹی کے منتخب عہدیداران سے جلد ملاقاتیں کریں گے

پارٹی سیکرٹریٹ میں نواز شریف پارٹی کی تنظیم نو اور ناراض رہنماں سے مشاورت کریں گے

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے قائد نواز شریف نے پارٹی سیکرٹریٹ میں بیٹھنے کا فیصلہ کیا ہے، سابق وزیر اعظم پارٹی کے منتخب عہدیداران سے ملاقاتیں کریں گے۔ ذرائع کے مطابق نواز شریف پارٹی سیکرٹریٹ میں ملاقاتوں کا سلسلہ شروع کرتے ہوئے رواں ہفتے سے ڈسٹرکٹ عہدے داروں سے ملیں گے۔ اس حوالے سے ذرائع نے مزید بتایا کہ قائد (ن) لیگ (بقیہ نمبر 2)

دہشتگردی کو مستقل طور پر ختم کرنے کیلئے پرعزم ہیں، آرمی چیف

قانون نافذ کرنے والے اداروں اور سکیورٹی فورسز پر بے بنیاد الزامات ایک وطیرہ بن چکا ہے، بے بنیاد الزامات کا مقصد عوام اور پاکستان کی مسلح افواج کے درمیان دراڑ ڈالنے کی کوشش ہے' بدنیتی پر مبنی پراپیگنڈا مہم پر تشویش کا اظہار

آپریشنل تیاری اور مورال کے اعلیٰ ترین معیار کو یقینی بنائیں، تربیت کے اعلیٰ معیار کے ذریعے پیشہ ورانہ مہارت حاصل کریں' پاکستان اپنے کشمیری بہن بھائیوں کی سیاسی، سفارتی اور اخلاقی حمایت جاری رکھے گا' کور کمانڈر کانفرنس

راولپنڈی (مانیٹرنگ ڈیسک) آرمی چیف جنرل سید عاصم منیر نے کہا کہ دہشتگردی کے خطرے کو مستقل طور پر ختم کرنے کیلئے پرعزم ہیں۔ آرمی چیف جنرل سید عاصم منیر کی زیرصدارت 264 ویں کور کمانڈرز کانفرنس ہوئی، کانفرنس کے شرکاء نے شہداء کی عظیم قربانیوں کو زبردست خراج تحسین (بقیہ نمبر 62)

راولپنڈی، آرمی چیف جنرل سید عاصم منیر، نشان امتیاز (ملٹری) 264 ویں کور کمانڈر کانفرنس کی صدارت کر رہے ہیں

امریکا میں پہلی بار سابق صدر کیخلاف مجرمانہ مقدمے کا آغاز

ڈونلڈ ٹرمپ کے خلاف یہ مقدمہ 5 سے 6 ہفتے تک جاری رہ سکتا ہے

واشنگٹن (این این آئی) امریکا میں پہلی بار سابق صدر کے خلاف مجرمانہ مقدمے کا آغاز ہوگیا۔ سابق امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے خلاف فحش فلموں کی اداکارہ کو زبان بند رکھنے کیلئے رقم دینے کا مقدمہ تلوار بن کر لٹکنے لگا ہے۔ ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے فحش اداکارہ اسٹارمی ڈینیئلز کو رقم دینے (بقیہ نمبر 7)

جلاؤ گھیراؤ کیس، خدیجہ شاہ کے وارنٹ گرفتاری منسوخ

لاہور (این این آئی) لاہور کی انسداد دہشت گردی کی عدالت نے معروف فیشن ڈیزائنر خدیجہ شاہ کے وارنٹ گرفتاری منسوخ (بقیہ نمبر 6)

روٹی زائد قیمت پر بیچنے پر 7 نان بائی گرفتار، 68 پر جرمانے، 4 تنور سیل

حکومت کی جانب سے نان' روٹی کی مقرر کردہ قیمتوں پر عملدرآمد یقینی بنانے کیلئے پرائس مجسٹریٹس متحرک ہیں' ڈی سی راولپنڈی

حکومت پنجاب کی طرف سے روٹی اور نان کی مقرر کردہ قیمتوں پر عمل درآمد ہر صورت یقینی بنایا جائے گا' حسن وقار چیمہ کی گفتگو

راولپنڈی (مانیٹرنگ ڈیسک) پنجاب میں روٹی کی قیمت 16 روپے مقرر ہونے کے باوجود زائد قیمت وصولی پر راولپنڈی میں سات نان بائیوں کو گرفتار کر کے مقدمات درج کر لیا گیا، 68 نائی بائیوں پر جرمانے عائد کیے گئے اور چار تنور سر بمہر (سیل) کر دیے گئے۔ پنجاب حکومت کی جانب سے (بقیہ نمبر 3)

این اے 81 سے لیگی رہنما اظہر قیوم کی کامیابی کا نوٹیفکیشن کالعدم قرار

ہائیکورٹ نے سنی اتحاد کونسل کے امیدوار بلال اعجاز کی بطور رکن قومی اسمبلی رکنیت بحال کر دی

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے حلقہ این اے 81 گجرانوالہ سے (ن) لیگ کے رہنما اظہر قیوم کی کامیابی کا نوٹیفکیشن کالعدم قرار دے دیا جبکہ سنی اتحاد کونسل کے امیدوار بلال اعجاز چودھری کی رکنیت بحال کر دی۔ لاہور ہائیکورٹ میں جسٹس شاہد کریم نے سنی اتحاد کونسل کے (بقیہ نمبر 4)

اندورن سندھ ڈاکوؤں کو اراکین اسمبلی کی حمایت حاصل ہے، حارث نواز

کراچی (این این آئی) سابق نگران وزیر داخلہ سندھ بریگیڈیئر (ر) حارث نواز نے دعویٰ کیا ہے کہ اندورن سندھ ڈاکوؤں کو اراکین (بقیہ نمبر 5)

آئی ایم ایف سے اربوں ڈالر قرض کے نئے معاہدے پر بات چیت شروع ہو گئی، وزیر خزانہ

جی ڈی پی کے تناسب سے ٹیکسوں اور سرمایہ کاری کی شرح کو 15 فیصد کی سطح پر لانے کی کوشش' سرمایہ کاری میں اضافہ کیلئے سنگاپور اور دبئی کی طرح ہمیں سوچ میں تبدیلی لانا ہوگی

ہمیں برآمدات میں اضافہ اور نجکاری کے ایجنڈا کو آگے بڑھانا ہے، یہ وہ امور ہیں جو ہماری معیشت کیلئے ضروری ہے اور یہ وہ امور ہیں جن پر آئی ایم ایف کے ساتھ ہماری بات چیت ہوتی رہی ہے اور آگے بھی ہوگی' اورنگزیب

واشنگٹن (این این آئی) وفاقی وزیرخزانہ محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ بین الاقوامی مالیاتی فنڈ کے ساتھ باہمی اعتماد کے ساتھ آگے بڑھ رہے ہیں، جی ڈی پی کے تناسب سے ٹیکسوں اور سرمایہ کاری کی شرح کو 15 فیصد کی سطح پر لانے کی کوشش کر رہے ہیں، سرمایہ کاری میں اضافہ کے لئے سنگاپور اور دبئی کی طرح ہمیں بھی سوچ میں تبدیلی لانا ہوگی، ہمیں برآمدات میں اضافہ کرنے کی ضرورت ہے، آئی ایم ایف اور عالمی بینک جیسے اداروں کو ماحولیاتی تبدیلیوں سے متاثرہ ممالک میں مالیاتی شمولیت اور ماحولیاتی لحاظ سے موزوں ڈھانچہ جات اور منصوبوں میں تعاون کیلئے آگے آنا چاہیے۔ گذشتہ شب واشنگٹن ڈی سی میں معروف امریکی تھنک ٹینک "اٹلانٹک کونسل" کے پروگرام میں اظہار خیال کرتے ہوئے وزیرخزانہ نے کہا کہ اس سال معیشت کی صورتحال میں بہتری آئی ہے، ایس بی اے پروگرام سے کلی (بقیہ نمبر 1)

پاکستان میں قانون کی حکمرانی چاہتے، آزادی اظہار کیلئے کام جاری رکھیں گے، امریکہ

امریکی وزیر خارجہ کا سعودی ہم منصب سے ٹیلیفونک رابطہ ہوا ہے، انٹونی بلنکن اور فیصل بن فرحان نے مشرق وسطیٰ میں کشیدگی کم کرنے پر زور دیا

اسرائیل اور سعودی عرب میں تعلقات کو مزید بہتر بنانے پر بھی گفتگو ہوئی، حماس اسرائیل تنازع کے طویل مدتی حل کیلئے بات چیت کی گئی، میتھو ملر

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکا کی جانب سے ایک مرتبہ پھر پاکستان میں قانون کی حکمرانی جاری رکھنے کی حمایت کی گئی ہے۔ امریکی محکمہ خارجہ کے ترجمان میتھیو ملر نے پریس بریفنگ کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ امریکی وزیر خارجہ کا سعودی ہم منصب سے ٹیلیفونک رابطہ ہوا ہے، انٹونی بلنکن اور فیصل بن فرحان نے مشرق وسطیٰ میں کشیدگی کم کرنے پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ اسرائیل اور سعودی عرب میں تعلقات کو مزید بہتر بنانے پر بھی گفتگو ہوئی، حماس اسرائیل تنازع کے طویل مدتی حل کیلئے بات چیت کی گئی، پاکستان میں قانون کی حکمرانی چاہتے ہیں اور ہم پاکستان میں آزادی اظہار کیلئے کام جاری رکھیں گے۔ امریکی محکمہ خارجہ کے ترجمان میتھیو ملر نے پریس بریفنگ کے دوران سعودی وزیر خارجہ کے دورہ پاکستان پر بات کرنے سے گریز کیا۔

اسلام آباد، صدر مملکت آصف علی زرداری سے سعودی وزیر خارجہ شہزادہ فیصل بن فرحان آل سعود اپنے وفد کے ہمراہ ملاقات کر رہے ہیں

گورنر خیبر پختونخوا سے مسلم لیگ لاہور کے جنرل سیکرٹری کی ملاقات

چوہدری شجاعت حسین نے ہمیشہ مفاہمت اور رواداری کی سیاست کو فروغ دیا' غلام علی

لاہور (این این آئی) گورنر خیبر پختونخواہ غلام علی سے پاکستان مسلم لیگ لاہور کے جنرل سیکرٹری ندیم پہلوان نے ملاقات کر کے باہمی دلچسپی کے امور اور سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا۔ گورنر خیبر پختونخواہ غلام علی نے ندیم پہلوان سے پاکستان مسلم لیگ کے سربراہ چوہدری شجاعت (بقیہ نمبر 9)

رکنِ قومی اسمبلی بننے پر شرمیلا فاروقی کی آصفہ بھٹو کو مبارکباد

اسلام آباد (این این آئی) رکن قومی اسمبلی شرمیلا فاروقی نے آصفہ بھٹو زرداری (بقیہ نمبر 10)

سیکرٹری داخلہ پنجاب نورالامین مینگل کا کیمپ جیل کا اچانک دورہ

لاہور (این این آئی) سیکرٹری داخلہ پنجاب نورالامین مینگل نے کیمپ جیل کا (بقیہ نمبر 11)

پاکستان پیپلز پارٹی وسطی پنجاب
لاہور، پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما ندیم افضل چن زراعت پر حکومتی پالیسی اور کسانوں کے مسائل بارے پریس کانفرنس کر رہے ہیں

پٹرولیم قیمتوں میں اضافہ قابل مذمت ہے' مسرت جمشید چیمہ

دودھ، شہد کی نہریں بہانے کے دعویداروں نے ایک وقت کی روٹی کا حصول بھی مشکل بنا دیا

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کی سینئر رہنما مسرت جمشید چیمہ نے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ دودھ اور شہد کی نہریں (بقیہ نمبر 12)

چند سالوں میں ڈالر کی قدر میں کمی کا امکان، کے ٹریڈ سکیورٹیز

امریکی معیشت نیچے چلی جائے گی، ڈالر کی قدر میں کمی کے ساتھ ابھرتی ہوئی معیشتوں کو فائدہ ہوگا

کراچی (این این آئی) پاکستان میں اسٹاک اینڈ کموڈٹی بروکریج کے ٹریڈ سکیورٹیز نے آئندہ چند سالوں میں امریکی ڈالر کی قدر میں کمی کا امکان ظاہر کرتے ہوئے کہا ہے کہ امریکی معیشت (بقیہ نمبر 13)

پشاور، فرنٹیئر کور نارتھ خیبر پختونخواہ کی جانب سے انسداد سمگلنگ کی کارروائیوں میں برآمد کی گئی منشیات اور ملزمان

بشریٰ بی بی کی بنی گالہ سے اڈیالہ جیل منتقلی کی درخواست خارج

عدالت کے ساتھ سیاست کھیل رہے ہیں، مذاق بنا ہوا ہے، جسٹس میاں گل حسن اورنگزیب کا بشریٰ بی بی کے وکلاء کی عدم پیشی پر سخت برہمی کا اظہار

گل صاحب آپ کی درخواست عدم پیشی پر خارج کر دی ہے، اب آپ درخواست بحالی کی درخواست دے سکتے ہیں' جسٹس میاں گل حسن کا مکالمہ

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) اسلام آباد ہائی کورٹ نے بانی پی ٹی آئی کی اہلیہ بشریٰ بی بی کی بنی گالہ سے اڈیالہ جیل منتقلی کی درخواست خارج کر دی۔ اسلام آباد ہائیکورٹ نے بشریٰ بی بی کی درخواست عدم پیروی پر خارج کر دی، جسٹس میاں گل حسن اورنگزیب نے احکامات جاری کیے۔ عدالت نے بشریٰ بی بی کے وکلاء کی عدم پیشی پر سخت برہمی کا اظہار کیا۔ سٹیٹ کونسل نے عدالت کو بتایا کہ عید پر بانی پی ٹی آئی اور بشریٰ بی بی کی ملاقات کرائی ہے۔ جسٹس (بقیہ نمبر 32)

بانی پی ٹی آئی کے کیسز جعلی، یہ نظام آئے روز بے نقاب ہو رہا ہے، علی امین گنڈاپور

جب تک حقیقی آزادی نہیں ملے گی جنگ جاری رہے گی' بانی پی ٹی آئی کے مینڈیٹ کو چوری کر کے فارم 47 والوں کو ایوان میں بھیجا گیا

ضمیر جاگتا ہے تو کہتے ہیں تو یہ ذہنی مریض ہیں' جعلی ایف آئی آرز کے زور پر آپ لوگوں کی زبانیں بند نہیں کر سکتے' وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا

راولپنڈی (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا اور پی ٹی آئی رہنما علی امین گنڈاپور نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی کے کیسز جعلی ہیں اور یہ نظام آئے روز بے نقاب ہو رہا ہے۔ وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور نے راولپنڈی میں عدالت کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ہم عدلیہ کا احترام کرتے ہیں اور عدالت کے سامنے پیش ہو گئے ہیں، ججز کو جو خط موصول ہوئے اس پر کمیشن بننا ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی کے (بقیہ نمبر 14)

چیف سیکرٹری کا جامشورو کا اچانک دورہ، ناقص کارکردگی پر ایگزیکٹو انجینئر معطل

اسلام آباد (این این آئی) سخت بے انتظامی اور ناقص کارکردگی کی شکایات (بقیہ نمبر 16)

9 مئی کیس، علی امین گنڈاپور کی 12 مقدمات میں ضمانت منظور

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی کی انسداد دہشتگردی عدالت نے 9 مئی جلاؤ (بقیہ نمبر 17)

بلوں میں زائد یونٹ ڈالنے والا واپڈا ملازم ریمانڈ پر ایف آئی اے کے حوالے

لاہور (این این آئی) عدالت نے بجلی کے بلوں میں زائد یونٹ ڈالنے والا واپڈا کے ملازم (ایکسین) کو جسمانی ریمانڈ پر ایف آئی اے کے حوالے کر دیا گیا۔ شہریوں کو بجلی کے بلوں میں زائد یونٹس ڈالنے کے مقدمے کی سماعت ضلع کچہری لاہور میں ہوئی، جس کی سماعت کرتے ہوئے عدالت نے ایکسین واپڈا باغبان پورہ کو 4 روزہ جسمانی ریمانڈ پر ایف آئی اے کے حوالے کر دیا۔ واضح رہے کہ ایف آئی اے لاہور نے ملزم رب یار کو گرفتار (بقیہ نمبر 18)

چاغی میں طوفانی بارش' حفاظتی بند ٹوٹ گئے، پانی گندم کی فصل میں داخل

دریائے کابل میں اونچے درجے کا سیلاب، مقامی آبادی کو محفوظ مقامات پر منتقل کر دیا گیا

چارسدہ (این این آئی) خیبر پختونخوا کے ضلع چارسدہ کے مقام پر دریائے کابل میں اونچے درجے کا سیلابی پانی گندم کی فصل میں داخل ہو گیا جس سے کھڑی فصل کو شدید نقصان ہوا، بلوچستان کے ضلع چاغی میں گزشتہ رات سے ہونے والی طوفانی بارشوں سے حفاظتی بند ٹوٹ گئے۔ تفصیلات کے مطابق سیلاب کے باعث دریائے کابل کے کنارے مقامی آبادی کو محفوظ مقامات پر منتقل کر دیا گیا ہے، اس کے علاوہ شہریوں نے مال مویشی سمیت موٹروے پر ڈیرے ڈال دیے۔ دوسری جانب چاغی میں گزشتہ رات سے ہونے والی طوفانی بارشوں سے حفاظتی بند ٹوٹ گئے، حفاظتی بند ٹوٹنے سے بارش کا پانی گھروں اور دکانوں میں داخل ہو گیا، شدید بارشوں سے ندی نالوں میں طغیانی بھی آ گئی، کئی نشیبی علاقے زیرآب بھی آ گئے۔ چاغی میں شدید بارشوں سے متعدد مکانات منہدم (بقیہ نمبر 15)

لاہور، وزیرزراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی کاشتکاروں کو جدید زرعی معلومات کی ترسیل سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں، سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو بھی موجود ہیں

پتنگ بازی پر پابندی کیلئے دائر درخواست پر فریقین سے جواب طلب

آئے روز لوگوں کی گردنیں کٹ رہی' حکومت پتنگ بازی کی روک تھام میں ناکام ہو چکی' درخواست گزار

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے پتنگ بازی پر پابندی کیلئے دائر درخواست پر فریقین سے جواب طلب کر لیا۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس احمد ندیم ارشد نے شہری منیر احمد کی (بقیہ نمبر 19)

پی پی 133 سے لیگی امیدوار رانا ارشد کی کامیابی کا نوٹیفکیشن معطل

الیکشن کمیشن نے رانا ارشد کی کامیابی کا نوٹیفکیشن خلاف قانون جاری کیا' درخواست گزار کا مؤقف

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے پی پی 133 ننکانہ صاحب سے کامیاب ہونے والے مسلم لیگ (ن) کے امیدوار رانا ارشد کی کامیابی کا نوٹیفکیشن معطل کر دیا۔ لاہور ہائیکورٹ کے (بقیہ نمبر 20)

سعودی وفد کا دورہ ہماری بین الاقوامی ساکھ کی بحالی کا عکاس ہے، عطا تارڑ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطا تارڑ نے کہا ہے کہ سعودی وفد کا دورہ پاکستان ہماری (بقیہ نمبر 22)

شنزہ فاطمہ خواجہ سے سی ای او تاون پرائیویٹ لمیٹڈ کمپنی کے حکام کی ملاقات

اسلام آباد (این این آئی) وزیرمملکت برائے آئی ٹی و ٹیلی کمیونیکیشن شنزہ فاطمہ خواجہ سے سی ای او تاون پرائیویٹ لمیٹڈ کمپنی محمد شہباز (بقیہ نمبر 21)

جماعت اسلامی سویلین بالادستی پر یقین رکھتی ہے' حافظ نعیم الرحمان

سیاسی بحرانوں' سیاسی مسائل کا حل سیاسی بنیادوں پر تلاش کرنا قومی قیادت کی گردن پر قرض ہے

مکوآنہ (این این آئی) جماعت اسلامی کے نومنتخب امیر حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا ہے کہ سیاسی بحرانوں اور سیاسی مسائل کا حل سیاسی بنیادوں پر تلاش کرنا قومی قیادت کی گردن پر قرض ہے۔ (بقیہ نمبر 23)

مسلم امہ اختلافات بھلا کر ایران کو لبیک کہیں، برجیس طاہر

غزہ میں جاری نسل کشی کے بعد ایران کی کوشش قابل عمل اقدام ہے، سابق وفاقی وزیر

ننکانہ صاحب (این این آئی) مرکزی نائب صدر مسلم لیگ ن سابق گورنر وفاقی وزیر امور کشمیر چوہدری برجیس طاہر کا کہنا ہے کہ وقت آ گیا ہے کہ مسلم امہ اپنے ذاتی (بقیہ نمبر 24)

گلوکار غلام عباس کی طبیعت ناساز، وزیر اعلیٰ پنجاب کی جانب سے مالی امداد

لاہور (این این آئی) گلوکار غلام عباس کی بیماری کی اطلاعات پر پنجاب کے (بقیہ نمبر 30)

جون 2024 تک ملک کی مجموعی پیداوار میں سولر کا حصہ مزید بڑھنے کا امکان

لاہور (این این آئی) جون 2024 تک ملک کی مجموعی پیداوار میں سولر کا حصہ مزید بڑھنے کا امکان ہے۔ نیپرا کی رپورٹ کے مطابق (بقیہ نمبر 29)

پنجاب پولٹری ٹریڈرز ایسوسی ایشن نے مکمل شٹر ڈاؤن ہڑتال کی کال دیدی

لاہور (این این آئی) پنجاب پولٹری ٹریڈرز ایسوسی ایشن نے مکمل شٹر ڈاؤن ہڑتال کی کال دے دی۔ صدر پنجاب پولٹری ایسوسی (بقیہ نمبر 27)

محسن نقوی کا بارشوں، لینڈ سلائیڈنگ سے قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر اظہارِ افسوس

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے خیبر پختونخوا میں بارشوں اور لینڈ سلائیڈنگ سے قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے جاں بحق (بقیہ نمبر 26)

ایران حالیہ صورتحال کو اچھی طرح سنبھال لے گا، چین

چین مشرق وسطیٰ میں تصادم بڑھنے سے روکنے کیلئے سعودی عرب کے ساتھ مل کر کام کرنا چاہتا ہے

بیجنگ (این این آئی) چین نے توقع کا اظہار کیا ہے کہ ایران حالیہ صورتحال کو اچھی طرح سنبھال لے گا اور خطے کو شورش میں نہیں ڈالے گا۔ خبرایجنسی کے مطابق چینی وزیر خارجہ وانگ ای نے ایرانی ہم منصب حسین امیر عبداللہیان سے ٹیلی فون پر بات کی۔ چین نے ایران کی جانب (بقیہ نمبر 31)

صوبائی وزیر خوراک بلال یاسین شادمان مارکیٹ میں ہوٹل پر موجود نوجوانوں سے روٹی نان کے نرخ بارے دریافت کر رہے ہیں

بیانات کے مطابق خاتون نے خود چھلانگ لگائی' ترجمان ریلویز

ایف آئی آر ریلوے نے خود درج کرائی، متعلقہ ریل کے ڈبے کے مسافروں سے رابطہ کر رہے ہیں

لاہور (این این آئی) ترجمان پاکستان ریلویز بابر علی رضا نے کہا ہے کہ جس نے خاتون پر ہاتھ اٹھایا اسے نہیں چھوڑا جائے گا، ابھی تک کے بیانات کے مطابق خاتون نے خود چھلانگ لگائی۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے بابر علی رضا نے کہا کہ اہلکار ابھی ضمانت پر ہے، ابتدائی بیان (بقیہ نمبر 28)

سی سی پی او لاہور بلال صدیق کمیانہ کینٹ اور ماڈل ٹاؤن ڈویژنز کی کارکردگی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

بیچلر اینڈ جوڈیشل ریسٹ ہاؤس کی تعمیر میں بڑے پیمانے پر غیر معیاری اور ناقص میٹریل کا استعمال

دھرم پورہ پل کے قریب عمارت کی تعمیر کا کام مدینہ کنسٹرکشن کمپنی کر رہی ہے

تعمیراتی کام میں گھپلوں کا بھانڈہ کمیونیکیشن اینڈ ورکس ڈیپارٹمنٹ پنجاب کے شعبہ ایم اینڈ ڈی نے پھوڑ دیا

لاہور (سٹاف رپورٹر) ججوں اور عدالتی عملے کی رہائش کے لئے زیرتعمیر بیچلر اینڈ جوڈیشل ریسٹ ہاؤس دھرم پورہ کی عمارت میں بڑے پیمانے پر غیر معیاری اور ناقص میٹریل استعمال کرنے کا انکشاف ہوا ہے۔ اس عمارت کی تعمیر کا ٹھیکہ مدینہ کنسٹرکشن کمپنی کو ملا ہے۔ عمارت کی تعمیر میں مبینہ طور پر غیر معیاری اور ناقص میٹریل کے استعمال کا انکشاف محکمہ کمیونیکیشن اینڈ ورکس ڈیپارٹمنٹ پنجاب کے شعبہ مانیٹرنگ اینڈ ایویلیوایشن (ایم اینڈ ڈی) کی انسپکشن رپورٹ میں ہوا ہے۔ ذرائع نے انکشاف کیا ہے کہ محکمہ کے افسران نے

اس رپورٹ پر کارروائی کرنے کی بجائے فائل کو سرخ فیتے کی نظر کر دیا ہے۔

روزنامہ
DAILY MASAFAT LAHORE
مسافت لاہور
بانی
اصغر علی جٹ (مرحوم)
ایگزیکٹو ایڈیٹر
چوہدری اکرم مجید
ایڈیٹر
حیدر علی بھٹی
چیف ایڈیٹر
مسز راحت آراء

فلسطینیوں کی نسل کشی اور ایران کا رد عمل

بین الاقوامی اور خارجہ امور کے ماہر اور سینئر سیاستدان مشاہد حسین سید نے ایران کے اسرائیل پر حملے کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ 50 سال بعد کسی مسلمان ملک نے جرات کا مظاہرہ کرتے ہوئے اسرائیلی جارحیت کا منہ توڑ جواب دیا ہے۔ ایران کے اسرائیل کے حملے کے بعد تازہ انٹرویو میں مشاہد حسین سید نے کہا کہ موجودہ صورتحال میں تیسری عالمی جنگ تو نہیں ہوگی لیکن یہ بہت تاریخی دن ہے کیونکہ 50 سال بعد کسی مسلمان ملک نے اتنی ہمت اور جرات ہوئی کہ انہوں نے اسرائیلی جارحیت کا منہ توڑ جواب دیا۔ انہوں نے کہا کہ یہ معاملہ اس وقت شروع ہوا جب اسرائیل نے دمشق نے ایرانی سفارتخانے پر حملہ کیا تھا، یہ دوہری جارحیت تھی کیونکہ ایران اور شام دونوں کے خلاف اشتعال انگریزی کا مظاہرہ کیا گیا اور دوسری جانب فلسطینیوں کی نسل کشی کی جارہی ہے جو اس وقت بنیادی مسئلہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایران کے اس حملے سے اسرائیل کا یہ بھرم ٹوٹ گیا کہ اسرائیل کو کوئی چھو تک نہیں سکتا، ان کے پاس آئرن ڈوم ہے، امریکا نے کئی دہائیوں سے امداد جاری رکھی ہوئی ہیں اور 50 دفعہ ان کا سیکیورٹی کونسل میں دفاع بھی کیا ہے جبکہ اس کارروائی سے مسلم دنیا میں خوشی کی لہر دوڑ گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ 50 سال قبل عرب اسرائیل جنگ میں شام اور مصر نے 1973 میں اسرائیل کے خلاف رمضان میں جوابی کارروائی کی تھی، اس وقت وزیراعظم ذوالفقار علی بھٹو نے دو پائلٹ بھیجے تھے اور ہم شامی ایئرفورس کے ساتھ مل کر لڑے تھے۔ جب سینئر سیاستدان سے سوال کیا گیا کہ یہ صورتحال کہاں جاکر رکے گی تو انہوں نے کہا کہ اب دو اہم پیشرفت ہوئی ہیں، پہلی یہ کہ صدر جو بائیڈن اور نیتن یاہو کی 25 منٹ کی گفتگو ہوئی ہے اور بائیڈن نے انہیں پہلی مرتبہ الٹی میٹم دیا ہے کہ آپ ایران پر حملہ نہیں کریں گے، اگر کوئی کارروائی کرتے ہیں تو ہم سے پوچھیں اور اگر آپ نے حملہ کیا تو ہم آپ کا ساتھ نہیں دیں گے۔

گوجرانوالہ انتظامیہ، پولیس اور ڈسٹرکٹ ہیلتھ اتھارٹی مافیاز کے آگے بے بس

بی ایچ یو کوٹلی نواب کامونکی میں درختوں کی غیر قانونی کٹائی کا معاملہ تاحال حل نہ ہوسکا

محکمہ صحت حکومت پنجاب
بنیادی مرکز صحت
کوٹلی نواب

گوجرانوالہ (عظمی شاہین سے) بنیادی مرکز صحت کوٹلی نواب کامونکی گوجرانوالہ کے نااہل چور میڈیکل آفیسر اور دیگر عملہ نے وزیراعظم کی گرین اینڈ کلین پاکستان مہم کو ناکام بنادیا، نئے پودے لگانے کی بجائے سرکاری ہسپتال میں اگے ہرے بھرے درخت کاٹ کر فروخت کرنے، جانور باندھنے اور چارہ اگانے/فروخت کرنے کا سلسلہ شروع، اہل علاقہ نے درختوں کے کٹائی اور غیر قانونی طور پر فروخت کیے جانے والے درختوں سے بھرا ٹرالا قبضہ میں لیتے ہی 15 پر اطلاع بھی کی، لیکن پولیس نے بروقت ناکام کاروائی کرتے ہوئے ن لیگ کے سیاسی اثرورسوخ کی وجہ سے نااہل چور میڈیکل آفیسر کو تاحال گرفتار نہ کیا، تاہم نااہل چور میڈیکل آفیسر کے خلاف گوجرانوالہ انتظامیہ، پولیس اور ڈسٹرکٹ ہیلتھ اتھارٹی کی طرف سے تاحال کسی قسم کی قانونی کارروائی عمل میں نہ لائی گئی، ذرائع کا کہنا ہے کہ پی پی 66 ن لیگ کے ایم پی اے قیصر اقبال سندھو اور اسماعیل گجر کے کہنے پر تھانہ واہنڈو نے تاحال ایف آئی آر نہ کاٹی، تاہم چیف سیکرٹری پنجاب، صوبائی وزیر ہیلتھ، سیکرٹری ہیلتھ، کمشنر/ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ کی خاموشی معنی خیز ہے! اہل علاقہ نے وزیراعلی پنجاب سے اس کام میں ملوث ہر فرد کے خلاف قانونی کارروائی کا مطالبہ کیا ہے۔

الحمدللہ) فنانس سیکرٹری winning (الیکشن 2024-25 پیرمحل کلرک بارایسوسی ایشن پیرمحل

ٹریفک قوانین کے بارے میں ہر شہری کو علم ہونا چاہیے ٹریفک قوانین کی پابندی ہم سب کا قومی فریضہ ہے، ٹریفک انسپکٹر رائے ظفر اقبال

کمالیہ (ڈاکٹر مستنصر اقبال سے) ٹریفک انسپکٹر رائے ظفر اقبال نے کہا ہے کہ ٹریفک قوانین کے بارے میں ہر شہری کو علم ہونا چاہیے ٹریفک قوانین کی پابندی ہم سب کا قومی فریضہ ہے اپنی دوسروں کی زندگی کا خیال رکھیں اور ٹریفک قوانین کی پاسداری کرتے ہوئے ڈرائیونگ کریں۔ سکول وکالجز پک اینڈ ڈراپ کرنیوالی والی ٹرانسپورٹ کیری ڈبہ وین کے ڈرائیور بغیر ڈرائیونگ لائسنس گاڑی نہ چلائیں۔ بغیر ڈرائیونگ لائسنس گاڑی چلانے والوں کے خلاف سخت قانونی کاروائی ہوگی۔ موٹر سائیکل سوار ہیلمٹ کا استعمال کریں تیز رفتاری سے اجتناب کریں محتاط ڈرائیونگ کریں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف بلا تفریق کاروائی ہوگی

بعدالت جناب میڈم حبیبہ یونس صاحبہ سول جج درجہ ال قصور

مقدمہ نمبر 3850 civil scj بابت 18-03-24 دعوی استقرار حق بابت میٹر ریفرنس نمبر (45117531304300R عنوان: حسن عبداللہ خان ولد ضرار خان ساکن مکون نمبر 148 احمد بلاک نیو گارڈن ٹاؤن لاہور) مدعی (بنام واپڈا وغیرہ اشتہار بنام چیئرمین لیسکو/واپڈا ہاؤس لاہور۔ SE واپڈا۔ Xen واپڈا آفسز کھیم کرن روڈ قصور ۔ R O واپڈا۔ SDO لیسکو۔ RO واپڈا راجہ جنگ ضلع قصور) مدعاعلیہم (ہرگاہ مدعاعلیہم کو بذریعہ اشتہار مطلع کیا جاتا ہیکہ وہ برائے پیروی مقدمہ بالا بتقرر 2024-04-18 کو صبح 09 بجے اصالتا یا وکالتا حاضر عدالت آویں بصورت دیگر کاروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جاوے گی ۔اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب اعجاز محمود صاحب سول جج پاکپتن

عنوان مقدمہ: نسرین بی بی وغیرہ، بنام: عبدالمجید ولد علی محمد قوم بھٹی سکنہ چک مغل صاحب دین حویلی لکھا تحصیل دیپالپور ضلع اوکاڑہ، دعوی: خرچہ نان ونفقہ، تنسیخ نکاح۔ ہرگاہ مقدمہ میں مدعاعلیہ /مدعاعلیہم کی تعمیل آسان ذرائع سے ممکن نہیں ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ تاریخ مقررہ 19-04-2024 کو بوقت 8 بجے صبح اصالتا وکالتا حاضر عدالت پیروی وجواب دہی مقدمہ عنوان بالا کریں عدم حاضری کی صورت میں کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائیگی بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب نوید انجم چوہدری صاحب سول جج/جج فیملی کورٹ پیرمحل ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ

۔درخواست اجازت فروختگی جائیداد حصہ نابالغان عنوان۔ فیضاں بی بی بیوہ محمد اعجاز حسین قوم کھوکھر ساکن بستی درآباد سندیلیانوالی تحصیل پیرمحل ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ بنام عوام الناس۔ اخبار اشتہار بنام عوام الناس۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں عوام الناس کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا عوام الناس کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے درخواست ہذا میں بتقرر 22/04/24 بوقت صبح 8 بجے اصالتا یا وکالتا حاضر عدالت آویں عدم حاضری کی صورت میں کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی بعد میں کوئی بھی عذر قابل قبول نہ ہوگا

عاق نامہ

من مظہر اپنے حقیقی بیٹوں عدنان ارسلان پسران ظفر حسین سکنائے محلہ شیر شاہ دربار پھالیہ کو بوجہ نافرمانی آوارہ گردی اپنی منقولہ غیر منقولہ جائیداد سے عاق کرتا ہوں اور آج کے بعد میرا یا میرے گھر والوں کا اس سے کوئی لین دین نہیں ہے اور ہم ان کے کسی قول وفعل لین دین کے ذمہ دار نہ ہوں گے تمام سرکاری و غیر سرکاری نوٹ فرمالیں المشتہر ظفر حسین ولد احمد علی ساکن محلہ شیر شاہ دربار پھالیہ تحصیل پھالیہ ضلع منڈی بہاالدین

بعدالت جناب تحصیلدار صاحب کمالیہ ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ

وراثتی انتقال بابت اراضی موضع ٹکڑا 57/3 تحصیل کمالیہ

ہرگاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ پیر بخش ولد نیک محمد قوم جٹ بھدرو وفات پاچکا ہے۔ جس کے وارثان میں نیک محمد والد متوفی (پہلے فوت شد) صاحب بی بی والدہ متوفی (پہلے فوت شد) فتح بی بی زوجہ متوفی (پہلے فوت شد) عابد حسین، محمد نواز، غلام رسول، پسران متوفی (زندگان) رابعہ بی بی، دختر متوفی (زندہ) ظاہر کیے گئے ہیں اگر کسی کو وراثتی انتقال متوفی پیر بخش کسی قسم کا عذر اعتراض ہوتو اندر سات یوم زیر دستخطی میں بمعہ ثبوت پیش ہوں بصورت دیگر وراثتی انتقال بحق وارثان متوفی پیر بخش تصدیق کردیا جائے گا بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

بعدالت تحصیلدار صاحب /اسسٹنٹ ڈائریکٹر لینڈ ریکارڈز تحصیل جھنگ

عنوان: تصدیق انتقال وراثت موضع قدیمی تحصیل وضلع جھنگ۔ ہرگاہ خاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ (متوفیہ) سلمی بی بی دختر فتح دین کے وارثان عمری بی بی ،فتح دین والدین، محمد صدیق خاوند پہلے فوت شدگان ۔محمد ارشاد، محمد ارشد، محمد اصغر، محمد احسان پسران زندہ ظاہر کیے گئے ہیں ۔وارثان بارے اگر کسی کو کوئی عذر اعتراض ہوتو اندر سات یوم اپنا عذر اعتراض پیش عدالت زیر دستخطی کرے بعد از گزرنے میعاد کوئی عذر اعتراض قابل قبول نہ ہوگا اور انتقال وراثت تصدیق کردیا جائیگا۔

بعدالت تحصیلدار صاحب /اسسٹنٹ ڈائریکٹر لینڈ ریکارڈز تحصیل جھنگ

عنوان: تصدیق انتقال وراثت موضع کوٹ خیرا تحصیل وضلع جھنگ ۔ہرگاہ خاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ (متوفی) دلمیر خان ولد اللہ یار کے وارثان (فقہ حنفیہ) ستاں مائی، اللہ یار والدین پہلے فوت شد۔ نوربخت بیوہ بعد فوت شد۔ محمد اسلم، محمد افضل، محمد اکرم خان، کوثر بانو پسران ودختر زندہ ظاہر کیے گئے ہیں ۔وارثان بارے اگر کسی کو کوئی عذر اعتراض ہوتو اندر سات یوم اپنا عذر اعتراض پیش عدالت زیر دستخطی کرے بعد از گزرنے میعاد کوئی عذر اعتراض قابل قبول نہ ہوگا اور انتقال وراثت تصدیق کردیا جائیگا۔

بعدالت جناب مسز عاشی عظمت صاحبہ سول جج درجہ اول فیملی کورٹ تاندلیانوالہ ضلع فیصل آباد

دعوی تنسیخ نکاح: فرزانہ بی بی بنام عامر اقبال ولد اقبال جاوید ذات آرائیں ساکن طارق آباد گلی نمبر 17 مکان P654 تحصیل وضلع فیصل آباد مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے۔ مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار مطلع کیا جاتا ہے کہ مقررہ تاریخ 29-04-2024 بوقت 9 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آ کر مقدمہ کی پیروی و جوابدہی کریں بصورت دیگر حسب ضابطہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہو گا۔ آج بدستخط ہمارے اور مہر عدالت سے جاری کیا گیا۔

بعدالت جناب سیدہ حفظہ بلال صاحبہ سول جج درجہ اول لاہور

دعوی استقرار حق محمد اعظم بنام لیسکو وغیرہ اشتیار اخبار بنام سب ڈویژن افیسر واپڈا سب ڈویژن انجینئرنگ لاہور ریونیو افیسر واپڈا ڈویژن ٹاؤن شپ لاہور مقدمہ عنوان بالا میں مسول علیہ تعمیل سمن سے دیدہ دانستہ گریزہ ہے اور روپوش ہے اس لیے اشتہار بنام مسول علیہ جاری کیا جاتا ہے کے بتقرر 17/04/2024 عدالت حذا میں پیش ہو عدم حاضری کی صورت میں کاروائی ایک طرفہ عمل میں لائی جائے گی اور کوئی بھی عذر نا قابل قبول ہوگا اج بدسط مہر عدالت سے جاری ہوا

بعدالت جناب سیدہ حفظہ بلال صاحبہ سول جج درجہ اول لاہور

دعوی استقرار حق محمد اعظم بنام لیسکو وغیرہ اشتیار اخبار بنام سب ڈویژن افیسر واپڈا سب ڈویژن انجینئرنگ لاہور ریونیو افیسر واپڈا ڈویژن ٹاؤن شپ لاہور مقدمہ عنوان بالا میں مسول علیہ تعمیل سمن سے دیدہ دانستہ گریزہ ہے اور روپوش ہے اس لیے اشتہار بنام مسول علیہ جاری کیا جاتا ہے کے بتقرر 17/04/2024 عدالت حذا میں پیش ہو عدم حاضری کی صورت میں کاروائی ایک طرفہ عمل میں لائی جائے گی اور کوئی بھی عذر نا قابل قبول ہوگا اج بدسط مہر عدالت سے جاری ہوا

بعدالت جناب میڈم نزہت جبیں صاحبہ سول جج پتوکی ضلع قصور

۔دعوی استقرار حق وغیرہ عنوان مقدمہ غلام رسول بنام چیرمین واپڈا وغیرہ اخبار اشتہار بنام چیرمین واپڈا لاہور۔ XEN واپڈا ڈویژن چونیاں۔ RO واپڈا ڈویژن چونیاں۔ SDO لیسکو واپڈا سب ڈویژن چھانگا مانگا۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہم کو متعدد بار طلب کیا گیا مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار مطلع کیا جاتا ہے کہ تاریخ 23-04-2024 بوقت 8 بجے صبح اصالتا یا وکالتا حاضر عدالت آ کر مقدمہ کی پیروی وجواب دہی کرے بصورت دیگر کاروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عذر قابل ساعت نہ ہوگا۔ آج بدست ہمارے اور مہر عدالت سے جاری ہوا

بعدالت جناب نوید انجم چوہدری صاحب سول جج درجہ اول پیرمحل ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ

۔دعوی دلاپانے۔ عنوان۔ کنزا عائشہ وغیرہ۔ اخبار اشتہار بنام۔ محمد صادق سلیم ولد محمد سلیم سکنہ 7 میل رحمان کالونی چک نمبر 241 رب تمغا آباد تحصیل و ضلع فیصل آباد۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں آپ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا آپ کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے دعوی ہذا میں بتقرر 26/04/2024 بوقت صبح 8 بجے اصالتا یا وکالتا حاضر عدالت آویں عدم حاضری کی صورت میں کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی بعد میں کوئی بھی عذر قابل قبول نہ ہوگا

بعدالت جناب احسان اللہ چوہدری صاحب سول جج فرسٹ کلاس پھالیہ

دعوی واپسی سامان جہیز مریم فاطمہ عثمان منیر ولد منیر احمد ساکن پٹھیالہ ساہیاں تحصیل کھاریاں ضلع گجرات ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں آپ کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے لیکن تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ بتقرر 2024-04-20 بوقت 8 بجے صبح کو اصالتا یا وکالتا حاضر عدالت آویں بصورت دیگر کاروائی حسب ضابطہ یکطرفہ عمل میں لائی جائیگی اور کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔ دستخط ومہر عدالت سے جاری ہوا۔۔۔روزنامہ مسافت

بعدالت جناب میڈم حبیبہ یونس صاحبہ سول جج درجہ ال قصور

مقدمہ نمبر 3849 civil scj بابت 18-03-24 دعوی استقرار حق بابت میٹر ریفرنس نمبر (45117531304600R عنوان: حسن عبداللہ خان ولد ضرار خان ساکن مکون نمبر 148 احمد بلاک نیو گارڈن ٹاؤن لاہور) مدعی (بنام واپڈا وغیرہ اشتہار بنام چیئرمین لیسکو/واپڈا ہاؤس لاہور۔ SE واپڈا۔ Xen واپڈا آفسز کھیم کرن روڈ قصور ۔ R O واپڈا۔ SDO لیسکو۔ RO واپڈا راجہ جنگ ضلع قصور) مدعاعلیہم (ہرگاہ مدعاعلیہم کو بذریعہ اشتہار مطلع کیا جاتا ہیکہ وہ برائے پیروی مقدمہ بالا بتقرر 2024-04-18 کو صبح 09 بجے اصالتا یا وکالتا حاضر عدالت آویں بصورت دیگر کاروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جاوے گی ۔اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب غلام شبیر چیمہ صاحب سول جج فرسٹ کلاس/ گارڈین جج ملکوال

دعوی استقرار حق

عنوان فاطمہ اشتیاق وغیرہ بنام عوام الناس

اشتہار منجانب فاطمہ اشتیاق بیوہ چوہدری اشتیاق احمد سکنہ ڈاکخانہ خاص بارموسی تحصیل ملکوال ضلع منڈی بہاالدین وغیرہ، اشتہار اخبار بنام عوام الناس ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں سائل نے دعوی استقرار حق دائر کیا ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار ہر خاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی کو عذر نسبت درخواست ہو تو بتقرر 2024-04-18 بوقت 08 بجے صبح کو اصالتا یا وکالتا حاضر عدالت آویں بصورت دیگر کاروائی حسب ضابطہ یکطرفہ عمل میں لائی جائیگی اور کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔ دستخط ومہر عدالت سے جاری ہوا۔

بعدالت جناب میڈم نزہت جبیں صاحبہ سول جج پتوکی ضلع قصور

۔دعوی استقرار حق وغیرہ عنوان مقدمہ محمد جمیل آزاد بنام چیرمین واپڈا وغیرہ اخبار اشتہار بنام چیرمین واپڈا لاہور۔ XEN واپڈا ڈویژن چونیاں۔ RO واپڈا ڈویژن چونیاں۔۔ SDO لیسکو واپڈا سب ڈویژن چھانگا مانگا۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہم کو متعدد بار طلب کیا گیا مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار مطلع کیا جاتا ہے کہ تاریخ 23-04-2024 بوقت 8 بجے صبح اصالتا یا وکالتا حاضر عدالت آ کر مقدمہ کی پیروی وجواب دہی کرے بصورت دیگر کاروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عذر قابل ساعت نہ ہوگا۔ آج بدست ہمارے اور مہر عدالت سے جاری ہوا

بعدالت جناب میڈم اقرا رحمان صاحبہ سول جج پتوکی ضلع قصور

۔دعوی استقرار حق وغیرہ عنوان مقدمہ سلیم اختر بذریعہ زاہد محمود بنام چیرمین واپڈا وغیرہ اخبار اشتہار بنام چیرمین واپڈا لاہور۔ XEN واپڈا لیسکو ڈویژن پھول نگر۔ SDO واپڈا سب ڈویژن پتوکی سٹی۔ RO واپڈا لیسکو ڈویژن پھول نگر۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہم کو متعدد بار طلب کیا گیا مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار مطلع کیا جاتا ہے کہ تاریخ 19-04-2024 بوقت 8 بجے صبح اصالتا یا وکالتا حاضر عدالت آ کر مقدمہ کی پیروی وجواب دہی کرے بصورت دیگر کاروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عذر قابل ساعت نہ ہوگا۔ آج بدست ہمارے اور مہر عدالت سے جاری ہوا۔

بعدالت جناب میڈم نزہت جبیں صاحبہ سول جج پتوکی ضلع قصور

۔دعوی استقرار حق وغیرہ عنوان مقدمہ محمد طفیل بذریعہ محمد مقصود بنام لیسکو چیرمین واپڈا وغیرہ اخبار اشتہار بنام چیرمین واپڈا لاہور۔ XEN واپڈا لیسکو ڈویژن پھول نگر۔ SDO واپڈا سب ڈویژن حلہ۔ RO واپڈا لیسکو ڈویژن پھول نگر۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہم کو متعدد بار طلب کیا گیا مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار مطلع کیا جاتا ہے کہ تاریخ 17-04-2024 بوقت 8 بجے صبح اصالتا یا وکالتا حاضر عدالت آ کر مقدمہ کی پیروی وجواب دہی کرے بصورت دیگر کاروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عذر قابل ساعت نہ ہوگا۔ آج بدست ہمارے اور مہر عدالت سے جاری ہوا

بعدالت جناب محترم محمد اشفاق ملک صاحب سینئر سول جج گارڈین فیصل آباد

درخواست سرٹیفکیٹ ولایتعنوان: محمد شفیق ولد محمد صدیق ساکن ڈاکخانہ خاص چک نمبر 259 رب گوردپور تحصیل صدر ضلع فیصل اباد بنام عوام الناس اشتہار بنام: عوام الناس ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں عوام الناس تعمیل سمن سے گریزاں ہے ان کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ بتقرر مورخہ 18.04.2024 کو بوقت 08:00 بجے صبح اصالتا یا وکالتا عدالت میں حاضر ہوں بصورت دیگر کاروائی یکطرفہ حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی بعد میں کوئی عذر نہ ہوگا۔ آج بدستخط مہر عدالت جاری کیا ہے

بعدالت جناب محترم محمد اشفاق ملک صاحب سینئر سول جج گارڈین فیصل آباد

درخواست سرٹیفکیٹ ولایتعنوان: غزالہ ارشد دختر ارشد اقبال خالد ساکن حال مقیم مکان نمبر 11106/P سٹریٹ نمبر 30,16 فٹ بازار نشاط آباد فیصل اباد بنام عوام الناس وغیرہ اشتہار بنام: عوام الناس ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں عوام الناس تعمیل سمن سے گریزاں ہے ان کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ بتقرر مورخہ 18.04.2024 کو بوقت 08:00 بجے صبح اصالتا یا وکالتا عدالت میں حاضر ہوں بصورت دیگر کاروائی یکطرفہ حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی بعد میں کوئی عذر نہ ہوگا۔ آج بدستخط مہر عدالت جاری کیا ہے

بعدالت جناب اقصی ضمیر صاحبہ سول جج درجہ اول لاہور

دعوی اسقرار حق سلمان فرید بنام لیسکو وغیرہ اشتیار اخبار بنام لیسکو بذریعہ چیف ایگزیکٹو کوینز روڈ لاہور ایکسین باغبان پورہ لاہور ایس ڈی او انجینئرنگ یونیورسٹی جی ٹی روڈ لاہور مقدمہ عنوان بالا میں مسول علیہ تعمیل سمن سے دیدہ دانستہ گریزہ ہے اور روپوش ہے اس لیے اشتہار بنام مسول علیہ جاری کیا جاتا ہے کے بتقرر 22/4/2024 عدالت حذا میں پیش ہو عدم حاضری کی صورت میں کاروائی ایک طرفہ عمل میں لائی جائے گی اور کوئی بھی عذر نا قابل قبول ہوگا اج بدسط مہر عدالت سے جاری ہوا

بعدالت جناب میڈم نزہت جبیں صاحبہ سول جج پتوکی ضلع قصور

۔دعوی استقرار حق وغیرہ عنوان مقدمہ نصیر احمد بنام چیرمین واپڈا وغیرہ اخبار اشتہار بنام چیرمین واپڈا لاہور۔ XEN واپڈا ڈویژن پھول نگر۔ RO واپڈا ڈویژن پھول نگر۔ SDO لیسکو سب ڈویژن حلہ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہم کو متعدد بار طلب کیا گیا مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار مطلع کیا جاتا ہے کہ تاریخ 19-04-2024 بوقت 8 بجے صبح اصالتا یا وکالتا حاضر عدالت آ کر مقدمہ کی پیروی وجواب دہی کرے بصورت دیگر کاروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عذر قابل ساعت نہ ہوگا۔ آج بدست ہمارے اور مہر عدالت سے جاری ہوا

:بعدالت جناب نائب کالونی تحصیلدار ریونیو آفیسر حلقہ گگو بوریوالا

ہرگاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ رحمت بی بی جو کہ وفات پاگئی ہے، جس کا رقبہ حذا 225 ای بی میں واقع ہے جس کے وارثان میں والدین اور محمد زمان خاوند پہلے فوت شد ۔غلام مصطفی ۔ غلام مرتضی ۔ مظفر احمد پسران خورشید بی بی ۔بشیراں بی بی ۔ عرشاں بی بی ۔ نزیراں بی بی دختران زندہ وحیات ہیں اس کے علاوہ کوئی جائز وراثت نہ ہے اگر کسی کو اعتراض ہوتو اندر سات یوم عدالت سے رجوع کریں بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا

بعدالت جناب نائب کالونی تحصیلدار ریونیو آفیسر حلقہ گگو بوریوالا

ہرگاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ محمد زمان جو کہ وفات پاگیا ہے۔ جس کا رقبہ حذا 225 ای بی میں واقع ہے جس کے وارثان میں والدین پہلے فوت شد ۔ رحمت بی بی بیوی بعد میں فوت شد ۔ غلام مصطفی ۔ غلام مرتضی ۔ مظفر احمد پسران خورشید بی بی ۔ بشیراں بی بی ۔ عرشاں بی بی ۔ نزیراں بی بی دختران زندہ وحیات ہیں اس کے علاوہ کوئی جائز وراثت نہ ہے اگر کسی کو اعتراض ہوتو اندر سات یوم عدالت سے رجوع کریں بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا

بعدالت جناب تحصیلدار ADLR/صاحب تحصیل منچن آباد

عنوان:۔انتقال وراثت متوفی محمد ارشد ولد محمد یعقوب قوم تیلی موضع جنڈ والا تحصیل منچن آباد۔ عنوان بالا انتقال وراثت برائے منظوری پیش ہوا ہے ۔جس میں متوفی کے وارثان 2 بیٹے محمد عثمان، محمد بلال اور 4 بیٹیاں سحر بی بی، ہمرہ بی بی، ثمن بی بی ،ایمان فاطمہ پسران ودختران متوفی زندہ حیات درج ہیں۔ لہذا بذریعہ اخبار اشتہار عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ متوفی کے وارثان میں سے کوئی اور وارث ہے تو وہ اپنا ثبوت پیش کرے۔ بصورت دیگر انتقال وراثت انہی درج شدہ وارثان کے نام منظور کر دیا جائے گا۔ اور بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب قیصر جمیل گجر صاحب جج فیملی کورٹ لاہور

دعوی تنسیخ نکاح عنوان عنبر علیم وغیرہ بنام شہزاد خرم اشتیار اخبار بنام شہزاد خرم ولد محمد حسین ساکن چک نمبر 255 تحصیل وضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ مقدمہ عنوان بالا میں مسول علیہ تعمیل سمن سے دیدہ دانستہ گریزہ ہے اور روپوش ہے اس لیے اشتہار بنام مسول علیہ جاری کیا جاتا ہے کے بتقرر 24/04/2024 عدالت حذا میں پیش ہو عدم حاضری کی صورت میں کاروائی ایک طرفہ عمل میں لائی جائے گی اور کوئی بھی عذر نا قابل قبول ہوگا اج بدسط مہر عدالت سے جاری ہوا

بعدالت جناب محترم محمد اشفاق ملک صاحب سینئر سول جج گارڈین فیصل آباد

دعوی تنسیخ نکاحعنوان: ثانیہ گلزار بنام آصف علی اشتہار بنام: آصف علی ولد علی شان ساکن غلام محمد اباد گلی نمبر 16 محلہ رسول پور فیصل اباد ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ تعمیل سمن سے گریزاں ہے ان کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مدعاعلیہ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ بتقرر مورخہ 19.04.2024. کو بوقت 08:00 بجے صبح اصالتا یا وکالتا عدالت میں حاضر ہوں بصورت دیگر کاروائی یکطرفہ حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی بعد میں کوئی عذر نہ ہوگا۔ آج بدستخط مہر عدالت جاری کیا ہے

:بعدالت جناب محترم شہروز شاہین رانجھا صاحب فیملی کورٹ سول جج فیصل آباد

دعوی تنسیخ نکاح وغیر ہعنوان: نسرین اختر وغیرہ بنام محمد اختر وغیرہ اشتہار بنام: محمد اختر، لیاقت ڈوگر، محمد اشرف پسران جلال دین ساکن نوریوالا شہر فیروز والا حال مقیم بیگم کوٹ میاں کالونی نزد جیو سپر سٹور فیصل اباد ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ تعمیل سمن سے گریزاں ہے ان کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مدعاعلیہ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ بتقرر مورخہ 23.04.2024. کو بوقت 08:00 بجے صبح اصالتا یا وکالتا عدالت میں حاضر ہوں بصورت دیگر کاروائی یکطرفہ حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی بعد میں کوئی عذر نہ ہوگا۔ آج بدستخط مہر عدالت جاری کیا ہے

بعدالت جناب میڈم اقرا رحمان صاحبہ سول جج پتوکی ضلع قصور

۔دعوی استقرار حق وغیرہ عنوان مقدمہ شفیق الرحمان شاکر بنام چیرمین واپڈا وغیرہ اخبار اشتہار بنام چیرمین واپڈا لاہور۔ XEN واپڈا لیسکو ڈویژن پھول نگر۔ SDO واپڈا سب ڈویژن پتوکی سٹی۔ RO واپڈا لیسکو ڈویژن پھول نگر۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہم کو متعدد بار طلب کیا گیا مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار مطلع کیا جاتا ہے کہ تاریخ 24-04-2024 بوقت 8 بجے صبح اصالتا یا وکالتا حاضر عدالت آ کر مقدمہ کی پیروی وجواب دہی کرے بصورت دیگر کاروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عذر قابل ساعت نہ ہوگا۔ آج بدست ہمارے اور مہر عدالت سے جاری ہوا

بعدالت جناب قیصر جمیل گجر صاحب جج فیملی کورٹ لاہور

دعوی خرچہ نان نفقہ وغیرہ عنوان فرحین خرم وغیرہ بنام جبار سلیم اشتیار اخبار بنام جبار سلیم ولد محمد سلیم ساکن 975 بی فیصل ٹاؤن لاہور مقدمہ عنوان بالا میں مسول علیہ تعمیل سمن سے دیدہ دانستہ گریزہ ہے اور روپوش ہے اس لیے اشتہار بنام مسول علیہ جاری کیا جاتا ہے کہ کے بتقرر 18/04/2024 عدالت حذا میں پیش ہو عدم حاضری کی صورت میں کاروائی ایک طرفہ عمل میں لائی جائے گی اور کوئی بھی عذر نا قابل قبول ہوگا اج بدسط مہر عدالت سے جاری ہوا

بعدالت اسسٹنٹ ڈائریکٹر لینڈ ریکارڈز/ تحصیلدار تحصیل جھنگ

عنوان: تصدیق انتقال وراثت موضع کابلی تحصیل وضلع جھنگ۔ ہرگاہ خاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ (متوفی) ہدایت ولد نور کے وارثان نور، اللہ نورائی والدین پہلے فوت شد۔ کنیزاں بیوہ زندہ ۔ناصر عباس، نسرین اختر پسرودختر زندہ ظاہر کیے گئے ہیں ۔وارثان بارے اگر کسی کو کوئی عذر اعتراض ہوتو اندر سات یوم اپنا عذر اعتراض پیش عدالت زیر دستخطی کرے بعد از گزرنے میعاد کوئی عذر اعتراض قابل قبول نہ ہوگا اور انتقال وراثت تصدیق کردیا جائیگا۔

بعدالت جناب علی رضا صاحب سول جج درجہ اول تاندلیانوالہ ضلع فیصل آباد

دعوی استقرار حق: بعنوان: محمد اکرم ولد محمد رشید ذات آرائیں ساکن چک نمبر 451 گ ب تحصیل تاندلیانوالہ بنام عوام الناس وغیرہ اشتہار بنام عوام الناس، سیکرٹری یونین کونسل نمبر 90 واقع دفتر چک نمبر 449 گ ب تحصیل تاندلیانوالہ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں 18-04-2024 تاریخ پیشی مقرر ہوئی ہے۔ لہذا مدعاعلیہم تاریخ مقررہ پر حاضر عدالت آ کر مقدمہ کی پیروی و جوابدہی کریں ورنہ یکطرفہ کاروائی میں لائی جائے گی۔

بعدالت جناب ریونیو آفیسر موضع سید پورہ/ADLR جڑانوالہ

اچانک دورہ کر کے کچن اور ہسپتال میں صفائی ستھرائی کا جائزہ لیا۔ انہوں نے کیمپ جیل میں قائم ہسپتال میں داخل مریض قیدیوں اور دوسرے قیدیوں سے خیریت دریافت کی۔ سیکرٹری داخلہ پنجاب نے جیل میں قیدیوں کے لیے تیار کیے گئے کھانے کا معیار بھی چیک کیا۔ انہوں نے ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ جیل کو دفتری اوقات کار میں یونیفارم کے بغیر موجودگی پر وارننگ جاری کی۔ سیکرٹری داخلہ نورالامین مینگل نے کہا کہ پنجاب بھر کی تمام جیلوں کے اچانک دورے کیے جائیں گے۔

بقیہ — بقیہ جات — 12

بہانے کے دعویداروں نے عوام کیلئے ایک وقت کی روٹی کا حصول بھی مشکل بنا دیا ہے، حیرانی اس بات کی ہے کہ جو دہائیوں سے حکومتیں کرتے چلے آرہے ہیں وہی ملک کے مشکل حالات کا رونا بھی رو رہے ہیں۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ پیٹرولیم مصنوعات اور بجلی کی قیمتوں میں ہونے والے اضافے سے مہنگائی کا طوفان آیا ہوا ہے، معاشی اشاریے خطرے کی نشاندہی کررہے ہیں، ہم آئی ایم ایف سے نئے قرض کے لئے کشکول پھیلائے ہوئے ہیں لیکن حکومتی ترجمان پھر بھی سب اچھا کی رپورٹ دے کر عوام کی آنکھوں میں دھول جھونک رہے ہیں۔ آج عوام کی حالت اس نہج پر پہنچ گئی ہے کہ اگر وہ روٹی کھاتے ہیں تو بجلی کے بل نہیں دے سکتے اور اگر بجلی کے بل دیتے ہیں تو روٹی نہیں کھا سکتے۔ انہوں نے کہا کہ جب تک ملک میں آئین و قانون کی حکمرانی نہیں ہوگی ملک کے حالات میں کبھی سدھار نہیں آ سکتا، پی ٹی آئی عوام کے حقوق کے لئے جدوجہد جاری رکھے گی اور آنے والے دنوں میں اس میں مزید تیزی لائی جائے گی۔

بعدالت جناب محترمہ سمیرا اسلم صاحبہ سول جج گوجرانوالہ

دعویٰ استقرار حق
عنوان۔ ندیم اعجاز لون وغیرہ بنام عوام الناس وغیرہ

اشتہار بنام۔ پٹواری حلقہ موضع دھولہ گوجرانوالہ۔ غلام رسول ولد محمد لطیف قوم کشمیری ساکن دھلے تحصیل وضلع گوجرانوالہ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہم کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی کو کوئی عذر اعتراض ہوتو تاریخ مقررہ مورخہ 29-04-2024 بوقت 9 بجے صبح روبرو عدالت اصالتاً وکالتاً پیش ہوکر اپنا موقف پیش کریں ورنہ عدم حاضری کی صورت میں یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائیگی۔ اور بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب محترمہ سدرہ گل نواز صاحبہ سول جج گوجرانوالہ

دعویٰ استقرار حق
عنوان۔ محمد رمضان بنام سیکرٹری یونین کونسل وغیرہ

محمد رمضان ولد گلاب دین قوم گجر ساکن بٹرانوالی تحصیل وضلع گوجرانوالہ بنام سیکرٹری یونین کونسل وغیرہ اشتہار بنام عوام الناس ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں عوام الناس کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی کو کوئی عذر اعتراض ہو تو تاریخ مقررہ مورخہ 20-04-2024 بوقت 9 بجے صبح روبرو عدالت اصالتاً وکالتاً پیش ہوکر اپنا موقف پیش کریں ورنہ عدم حاضری کی صورت میں یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائیگی۔ اور بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب سمیعہ اسد صاحبہ ADJ سیالکوٹ

نگرانی
عنوان عبدالحمید وغیرہ بنام محمد مالک وغیرہ
اشتہار بنام 5 شہروز خاں منشی پٹواری واجد علی حلقہ عدالت گڑھا تحصیل سیالکوٹ

ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں رسپانڈنٹ کی تعمیل عام طریقہ سے نہ ہو رہی ہے اس لیے اشتہار ہذا بنام رسپانڈنٹ کی نام جاری کیا جاتا ہے اگر رسپانڈنٹ تاریخ 20-04-2024 بوقت صبح 9 بجے حاضر عدالت نہ ہوگا تو اس کی نسبت کارروائی یک طرفہ عمل میں آوے گی آج بدست ہمارے اور مہر عدالت جاری ہوا ہے۔

بعدالت جناب محترم نعمان مبشر صاحب سول جج گوجرانوالہ

دعویٰ استقرار حق
عنوان۔ سلمان آصف بنام سیکرٹری یونین کونسل وغیرہ

سلمان آصف ولد آصف حسین ساکن مہر ہاؤس سیالکوٹ روڈ محلہ سردار ٹاؤن گوجرانوالہ بنام سیکرٹری یونین کونسل وغیرہ اشتہار بنام عوام الناس ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں عوام الناس کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی کو کوئی عذر اعتراض ہو تو تاریخ مقررہ مورخہ 17-04-2024 بوقت 9 بجے صبح روبرو عدالت اصالتاً وکالتاً پیش ہو کر اپنا موقف پیش کریں ورنہ عدم حاضری کی صورت میں یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائیگی۔ اور بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب احمد ضیاء چوہدری صاحب سول جج درجہ اول گجرات

مقدمہ: دعویٰ: استقرار حق معہ دادرسی مستلزمہ
عنوان: عزیز بیگم بنام انچارج ریکارڈ پیدائش وغیرہ
اشتہار بنام: انچارج ریکارڈ پیدائش واموات ای ڈی او ہیلتھ گجرات، سیکرٹری یونین کونسل برنالی

ہرگاہ مقدمہ مندرجہ عنوان بالا میں مدعا علیہم کی تعمیل آسان طریقے سے ہونا ممکن نہ ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مدعا علیہم کو طلب کیا جاتا ہے کہ وہ مقررہ تاریخ مورخہ 20-04-2024 کو بوقت صبح 9:00 بجے اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہوں بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائیگی، دستخط میرے اور مہر عدالت سے جاری ہوا ہے۔

بعدالت جناب قدسیہ بانو صاحبہ سول جج سیالکوٹ

دعویٰ دلاپانے
عنوان محمد فہیم بنام عبدالرحمٰن
اشتہار بنام عبدالرحمٰن ولد محمد اشرف ساکن سیدانوالی مشرقی تحصیل وضلع سیالکوٹ

ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کی تعمیل عام طریقہ سے نہ ہو رہی ہے اس لیے اشتہار ہذا بنام مدعا علیہ کی نام جاری کیا جاتا ہے اگر مدعا علیہ تاریخ 24-04-2024 بوقت صبح 9 بجے حاضر عدالت نہ ہوگا تو اس کی نسبت کارروائی یک طرفہ عمل میں آیوے گی آج بدست ہمارے اور مہر عدالت جاری ہوا ہے۔

عاق نامہ

میں نے اپنے حقیقی بیٹے مسمی حبیب احمد کو بوجہ گستاخی ونافرمانی، لڑائی جھگڑا، بدتمیزی اور بری عادات اپنی منقولہ وغیر منقولہ جائیداد سے عاق کر دیا ہے لہذا آج کے بعد مسمی حبیب احمد کا مجھ اور میرے دیگر اہل خانہ کے ساتھ کوئی تعلق واسطہ نہ ہوگا اور نہ ہی ہم اس کے کسی لین دین یا قول وفعل کے ذمہ دار ہوں گے

المشتہر
مظہر اقبال ولد نذر حسین سکنہ چک سادہ تحصیل وضلع گجرات

بقیہ — بقیہ جات — 13

نیچے چلی جائے گی، امریکی ڈالر کی قدر میں کمی کے ساتھ ابھرتی ہوئی معیشتوں کو فائدہ ہوگا، 2019 سے اب تک ٹی بل کے اجرا میں 125 فیصد اضافہ ہوا، ریزرو بیلنس میں 118 فیصد اضافہ ہوا ہے، ٹی بلز اور ریزرو بیلنس پر سود کی ادائیگیاں مل کر امریکی معیشت پر دباؤ ڈال رہی ہیں

بقیہ — بقیہ جات — 14

مینڈیٹ کو چوری کر کے فارم 47 والوں کو ایوان میں بھیجا گیا ہے، ہم اور عوام بانی پی ٹی آئی کے ساتھ کھڑے ہیں، جب تک حقیقی آزادی نہیں ملے گی جنگ جاری رہے گی، وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا نے کہا کہ نیا تجربہ کرنے والے ایک دن بے نقاب ہوں گے، آپ اس ملک میں کیسا نظام بنا رہے ہیں

بقیہ — بقیہ جات — 15

بلوچستان کے ضلع چاغی میں گزشتہ رات سے ہونے والی طوفانی بارشوں سے حفاظتی بند ٹوٹ گئے۔ تفصیلات کے مطابق سیلاب کے باعث دریائے کابل کے کنارے مقامی آبادی کو محفوظ مقامات پر منتقل کردیا گیا ہے

بقیہ — بقیہ جات — 16

سامنے آنے کے بعد جامشورو پبلک ہیلتھ انجینئرنگ ڈویژن سندھ میں تعینات گریڈ 18 کے ایگزیکٹو انجینئر عرفان بوک کو فوری طور پر معطل کر دیا گیا۔ گورنمنٹ آف سندھ سروسز، جنرل ایڈمنسٹریشن اینڈ کوآرڈی نیشن ڈیپارٹمنٹ کی جانب سے جاری حکم نامے میں کہا گیا کہ ایگزیکٹو انجینئر عرفان بوک کو معطل کرنے کا فیصلہ ان کے دائرہ اختیار میں آنے والے غیر فعال ریورس اوسموسس (آر او) پلانٹس کی رپورٹس سامنے آنے کے بعد مکمل تحقیقات کے بعد کیا گیا ہے۔ چیف سیکرٹری سندھ سید آصف حیدر شاہ کے ضلع جامشورو کے اچانک دورے کے دوران یہ بات سامنے آئی کہ 2 آر او پلانٹس مینٹیننس نہ ہونے کے باعث غیر فعال ہیں

بعدالت جناب فیض اللہ جسراء صاحب گارڈین جج فیروزوالہ ضلع شیخوپورہ

درخواست برائے دیئے جانے اجازت فروختگی جائیداد نابالغان
بعنوان رضیہ نعیم خاں بنام عوام الناس وغیرہ اخبار اشتہار بنام

عوام الناس، رضیہ نعیم خاں بیوہ نعیم ہدایت خاں ساکن محلّہ میاں میر کالونی دھرم پورہ لاہور کینٹ ضلع لاہور، ہرگاہ درخواست عنوان بالا میں عوام الناس کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ بتقرر 24-04-2024 کو بوقت 8 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت پیش ہو ورنہ کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جاوے گی۔

(مہر عدالت) (دستخط حاکم)

روزنامہ مسافت

بعدالت جناب محترمہ سمیرا اسلم صاحبہ سول جج گوجرانوالہ

دعویٰ استقرار حق
عنوان۔ ندیم اعجاز لون وغیرہ بنام عوام الناس وغیرہ

اشتہار بنام۔ پٹواری حلقہ موضع دہولہ گوجرانوالہ۔ غلام رسول ولد محمد لطیف قوم کشمیری ساکن دھلے تحصیل وضلع گوجرانوالہ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہم کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی کو کوئی عذر اعتراض ہوتو تاریخ مقررہ مورخہ 29-04-2024 بوقت 9 بجے صبح روبرو عدالت اصالتاً وکالتاً پیش ہوکر اپنا موقف پیش کریں ورنہ عدم حاضری کی صورت میں یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائیگی۔ اور بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب قدسیہ بانو صاحبہ سول جج سیالکوٹ

دعویٰ استقرار حق
عنوان سمیرا جاوید بنام عوام الناس وغیرہ
اشتہار بنام 2 شمیم بیوہ 3 ذوالقرنین حیدر 4 بلاول 5 جنید پسران 6 انجم 7 رابعہ دختران جاوید اقبال ساکنان خادم علی روڈ نزد الجنت میرج ہال والی گلی تحصیل وضلع سیالکوٹ

ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کی تعمیل عام طریقہ سے نہ ہو رہی ہے اس لیے اشتہار ہذا بنام مدعا علیہ کی نام جاری کیا جاتا ہے اگر مدعا علیہ تاریخ 30-04-2024 بوقت صبح 9 بجے حاضر عدالت نہ ہوگا تو اس کی نسبت کارروائی یک طرفہ عمل میں آیوے گی آج بدست ہمارے اور مہر عدالت جاری ہوا ہے۔

عاق نامہ

میں نے اپنے حقیقی بیٹوں مسمیان عظیم سرور، ندیم سرور ساکنائے گلگت کو بوجہ نافرمانی، غیر ذمہ داری اپنی تمام منقولہ وغیر منقولہ جائیداد، بینک اکاؤنٹ سمیت دیگر تمام ملکیتی اشیاء سے عاق کر دیا ہے لہذا آج کے بعد مسمیان عظیم سرور، ندیم سرور کا مجھ اور میری دیگر فیملی کے ساتھ کوئی تعلق واسطہ نہ ہوگا اور نہ ہی ہم ان کے کسی لین دین یا قول وفعل کے ذمہ دار ہوں گے اور نہ ہی میرے مرنے کے بعد مسمیان عظیم سرور، ندیم سرور میری وراثت کے حق دار ہوں گے

المشتہر
محمد سرور ولد محمد عالم ساکن دھاڑیوال ڈاکخانہ بھاگووال کلاں تحصیل وضلع گجرات

عاق نامہ

میں نے اپنے حقیقی بیٹے مسمی حبیب احمد کو بوجہ گستاخی ونافرمانی، لڑائی جھگڑا، بدتمیزی اور بری عادات اپنی منقولہ وغیر منقولہ جائیداد سے عاق کر دیا ہے لہذا آج کے بعد مسمی حبیب احمد کا مجھ اور میرے دیگر اہل خانہ کے ساتھ کوئی تعلق واسطہ نہ ہوگا اور نہ ہی ہم اس کے کسی لین دین یا قول وفعل کے ذمہ دار ہوں گے

المشتہر
مظہر اقبال ولد نذر حسین سکنہ چک سادہ تحصیل وضلع گجرات

بعدالت جناب نوید عباس صاحب سول جج درجہ اول گجرات

مقدمہ: دعویٰ: تقسیم اراضی بذریعہ دخل جداگانہ
عنوان: محمد یعقوب متوفی وغیرہ بنام امانت علی متوفی وغیرہ
اشتہار بنام: غلام رسول متوفی بذریعہ وارثان، نوید احمد، ندیم احمد، عظیم احمد پسران، تسلیم بی بی، نسیم بی بی، عظمٰی بی بی دختران غلام رسول متوفی ولد میاں خاں اقوام گوجر ساکنائے دولت نگر تحصیل وضلع گجرات

ہرگاہ مقدمہ مندرجہ عنوان بالا میں مدعا علیہم کی تعمیل آسان طریقے سے ہونا ممکن نہ ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مدعا علیہم کو طلب کیا جاتا ہے کہ وہ مقررہ تاریخ مورخہ 06-05-2024 کو بوقت صبح 8 بجے اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہوں بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائیگی، دستخط میرے اور مہر عدالت سے جاری ہوا ہے۔

ملک کی تقریباً 52 فیصد آبادی اپنے علاقوں میں موسمیاتی تبدیلی کے بارے میں نہیں جانتی، سید محمد اشفاق

موسمیاتی تبدیلی سے نمٹنے کے لیے فوری اقدامات کی ضرورت ہے سیلاب کے بعد ملکی سطح پر 47.7 فیصد معذور افراد کو مدد کی ضرورت ہوتی ہے

ستر فیصد لوگ سرکاری موسمیاتی پالیسیوں سے مطمئن نہیں ہیں 37.2 فیصد لوگوں کے مطابق سوشل میڈیا موسمیاتی تبدیلی سے متعلق شعور بیدار کرنے کا سب سے موثر ذریعہ ہے

گجرات (صغیر احمد قمر) موسمیاتی تبدیلی سے نمٹنے کے لیے فوری اقدامات کی ضرورت ہے، سیلاب کے بعد ملکی سطح پر 47.7 فیصد معذور افراد کو مدد کی ضرورت ہوتی ہے، جبکہ گھر کی مرمت کیلئے 20.6 فیصد لوگوں کو ضرورت ہوتی ہے، پینے کے صاف پانی کی 13 فیصد لوگوں کو ضرورت ہوتی ہے، صرف 15.9 لوگوں کو موسمیاتی تبدیلی کے بارے میں آگاہی ہے جبکہ 60.7 فیصد افراد کو اس بارے میں بہت کم معلومات ہیں، ملک کی نصف سے زائد تقریباً "52 فیصد آبادی اپنے علاقوں میں موسمیاتی تبدیلی کے بارے میں نہیں جانتے، 37.2 فیصد لوگوں کے مطابق سوشل میڈیا موسمیاتی تبدیلی سے متعلق شعور بیدار کرنے کا سب سے موثر ذریعہ ہے، یہ باتیں حقوق العباد ڈویلپمنٹ فاؤنڈیشن پاکستان کے صدر سید محمد اشفاق نے نیشنل پریس کلب اسلام آباد میں پاکستان میں موسمیاتی تبدیلی کے اثرات کے حوالے سے 2023ء کی سالانہ رپورٹ پیش کرتے ہوئے کہیں، صدر سید محمد اشفاق کا مزید کہنا تھا کہ حقوق العباد ڈویلپمنٹ فاؤنڈیشن پاکستان 2020ء سے پاکستان میں ماحولیاتی تبدیلی کے حوالے سے کام کر رہی ہے، یہ تنظیم 2014ء میں اقوام متحدہ کیذیلی ادارے ایکو ساک کی خصوصی مشاورتی حیثیت اور یو این او انوائرمنٹ سے 2018ء میں آبزرور کی حیثیت کی حامل ہے جو کہ پاکستان میں سماجی بہبود، ماحولیاتی پائیداری، خواتین کے حقوق اور کمیونٹی کی ترقی کو فروغ دینے کیلئے وقف ایک این جی او ہے، یہ سروے ملک کے چاروں صوبوں کے سولہ اضلاع میں 1600 افراد کے آراء پر مشتمل ہے، جو کہ 15 نومبر سے لیکر 20 دسمبر 2023ء کے دوران کیا گیا ہے، سید محمد اشفاق نے مزید کہا کہ یہ رپورٹ نہ صرف موسمیاتی تبدیلی سے نمٹنے بلکہ پالیسی سازوں، ماحولیات کے ماہرین اور ماہرین قانون کے لیے ایکر ہنما دستاویز طور پر بھی کام آئے گی، یہ رپورٹ امدادی کارروائیوں، حکومتی ردعمل، موسمیاتی آگاہی، کمیونٹی کی شمولیت، حیاتیاتی تنوع (پودوں اور جانداروں کی نسل کو لاحق خطرات)، موسمیاتی تبدیلی سے متعلق خدشات، موسمیاتی آفات سینمٹنے کی صلاحیت، سرکاری پالیسیوں، موسمیاتی تعلیم اور حق معلومات (آر ٹی آئی) جیسے اہم پہلوؤں کا مفصل جائزہ لیتی ہے۔ اس کے علاوہ یہ رپورٹ پاکستان میں موسمیاتی تبدیلی ایکٹ 2017 کا تجزیاتی جائزہ اور سفارشات بھی پیش کرے گی، رپورٹ کے نتائج کے مطابق ملکی سطح پر 47.7 فیصد معذور افراد کو سیلاب کے بعد سب سے زیادہ مدد کی ضرورت ہوتی ہجس کے بعد انیس فیصد بزرگ اور (ساڑھے سترہ فیصد) خواتین شاملہیں، سیلاب کے بعد لوگوں کو جن مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے ان میں 20.6 کو گھر کی مرمت، 14.3 کا بے گھر ہونا، 13 فیصد کو صاف پانی کی قلت، 12.6 فیصد کو غذائی قلت کا سامنا کرنا پڑتا ہے، پاکستان میں 62 فیصد افراد قدرتی افات سے نمٹنے کی کوششوں میں شامل ہونے کیلئے تیار ہیں جو کہ مثبت نشانی ہے، قدرتی آفات سے نمٹنے کے لیے 27.8 فیصد لوگوں کی اولین ترجیحات زیادہ درخت لگانا ہے، 32.1 لوگوں کے مطابق درجہ حرارت میں اضافہ موسمیاتی تبدیلی کیلئے سب سے بڑا خطرہ ہے، قومی سطح پر 80.1 فیصد لوگوں نے موسمیاتی تبدیلی سے متعلق سرکاری اداروں سے کسی بھی قسم کی معلومات حاصل نہیں کیں، ستر فیصد لوگ سرکاری موسمیاتی پالیسیوں سے مطمئن نہیں ہیں، 25 فیصد لوگوں کے مطابق قدرتی آفات کے بعد امداد کی رسائی حاصل کرنے کیلئے تباہ شدہ سڑکیں سب سے بڑا چیلنج ہیں، سید محمد اشفاق نے مزید کہا کہ یہ رپورٹ نہ صرف موسمیاتی تبدیلی سے نمٹنے بلکہ پالیسی سازوں، ماحولیات کے ماہرین اور ماہرین قانون کے لیے ایکر ہنما دستاویز طور پر بھی کام آئے گی۔

حقوق العباد ڈویلپمنٹ فاؤنڈیشن پاکستان کے صدر سید محمد اشفاق نیشنل پریس کلب اسلام آباد میں پاکستان میں موسمیاتی تبدیلی کے اثرات کے حوالے سے 2023 کی سالانہ رپورٹ پیش کر رہے ہیں (صغیر احمد قمر)

مسلم حکمرانوں نے مظلوم فلسطینیوں کو تنہا چھوڑ کر جو بے وفائی کی ہے، سابق چیرمین مارکیٹ کمیٹی کمالیہ چوہدری فیصل قذافی

کمالیہ (ڈاکٹر مستنصر اقبال سے) سابق چیرمین مارکیٹ کمیٹی کمالیہ چوہدری فیصل قذافی نے کہاہے کہ مسلم حکمرانوں نے مظلوم فلسطینیوں کو تنہا چھوڑ کر جو بے وفائی کی ہے وہ تاریخ میں ہمیشہ سیاہ باب کے طور پر یاد رکھی جائے گی مسلم حکمران اللہ رب العزت کے خوف سے ڈریں اور مظلوم فلسطینی بھائی بہنوں کی امداد کیلئے متحد ہو کر کردار ادا کریں تا کہ اسرائیل کی جارحیت کا راستہ روکا جاسکے، کسی ایک اسلامی ملک میں اتنی ہمت نہیں کہ وہ کفار کی للکار کا جواب دے سکے جب تک کفار کو ان کی زبان میں جواب نہیں دیا جائے گا اس وقت تک عالمی امن کی ضمانت نہیں دی جاسکتی اسرائیل اور امریکہ اپنی طاقت کے خبط میں مبتلا ہو کر نہتے فلسطینیوں کی نسل کشی کر رہے ہیں غزہ میں خون ناحق رنگ لائے گا، فلسطینیوں کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی، اہل فلسطین نے مسلمان حکمرانوں پر حجت تمام کردی اب حکمرانوں کی باری ہے کہ وہ آگے بڑھ کر کفر کی یلغار کو روکیں، محض زبانی جمع وخرچ سے کچھ حاصل نہیں ہوگا۔

انسانیت کی خدمت ہی میرا مقصد ہے، سابق امیدوار ایم پی اے حبیب اللہ پسوال

ہیڈ مرالہ (نامہ نگار) سابق امیدوار ایم پی اے حبیب اللہ پسوال نے کہاہے کہ انسانیت کی خدمت ہی میرا مقصد ہے، سیاست کو عبادت سمجھ کر سیاسی میدان میں قدم رکھا۔ ضروری نہیں کہ انسان انتخابات میں کامیاب ہو کر یا سیاست سے وابستہ ہو کر ہی عوامی فلاح وبہبود کے لئے اقدامات اٹھائے ان کے بغیر بھی اپنی عوام اور دکھی انسانیت کی خدمت میرا مقصد تھا ہے اور ان شاء اللہ رہے گا۔ ان خیالات کا اظہار چوہدری حبیب اللہ پسوال نے اخبار نویسوں سے گفتگو کے دوران کیا ان کا کہنا تھا کہ مجھے جب بھی خدمت کا موقع ملتا ہے تو میں اللہ کا شکر ادا کرتا ہوں کہ مجھے انسانیت کی خدمت کا موقع عطا ہوا ہے دعا ہے کہ کریم اللہ تعالی اس سلسلہ کو جاری رکھنے کی استطاعت برقرار رکھے۔ انہوں نے مزید کہا کہ نہ صرف حلقہ پی پی 44 بلکہ اپنے پورے علاقہ کی عوام میرے لئے قابل عزت، قابل احترام اور انکے لئے میرے دروازے چوبیس گھنٹے کھلے ہیں۔

خیبر پختونخوا میں تیز بارشوں کے باعث 21 افراد جاں بحق، 85 زخمی

تیز بارش کے باعث جانی و مالی حادثات صوبے کے مختلف اضلاع دیر اپر، چترال لوئر، سوات، ملاکنڈ اور باجوڑ میں رونما ہوئے

وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا کی جانب سے متاثرہ خاندان کو فوری امداد اور زخمیوں کو بہترین طبی سہولیات کی فراہمی یقینی بنانے کی ہدایت

پشاور (مانیٹرنگ ڈیسک) خیبر پختونخوا میں گزشتہ تین روز کے دوران تیز بارشوں کے باعث رونما ہونے والے حادثات میں 21 افراد جاں بحق جبکہ 85 افراد زخمی ہوگئے۔ پی ڈی ایم اے کی جانب سے گزشتہ تین روز کے دوران تیز بارشوں کے باعث صوبے میں جانی و مالی نقصانات کی رپورٹ جاری کر دی گئی۔ رپورٹ کے مطابق جاں بحق افراد میں 4 بچے اور ایک خاتون جبکہ زخمیوں میں خواتین، مرد اور بچے شامل ہیں۔ تیز بارش کے باعث (بقیہ نمبر 60)

وزیر دفاع سے آذربائیجان کے سفیر کی ملاقات، دوطرفہ تعلقات پر گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ آصف سے آذربائیجان کے سفیر خضر فرہادوف نے اسلام آباد میں ملاقات کی جس میں دوطرفہ تعلقات پر گفتگو کی گئی۔ وفاقی وزیر نے معزز مہمان کا خیرمقدم کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان آذربائیجان کو اس کے سٹریٹیجک محل وقوع، بے پناہ وسائل، ترقی پسند نقطہ نظر اور تیزی سے بڑھتی ہوئی معیشت کی وجہ سے ایک اہم ملک کے طور پر دیکھتا ہے۔ وزیر نے دونوں ممالک کے درمیان دوطرفہ برادرانہ تعلقات کی اہمیت کو اجاگر کیا جو تاریخی، ثقافتی اور مذہبی مشترکات پر مبنی ہیں۔ وزیر دفاع کہا کہ دونوں ممالک میں بے پناہ صلاحیت موجود ہے وفاقی وزیر نے دفاعی (بقیہ نمبر 35)

کراچی، نجی اسکول میں جنریٹر کا دھواں بھرنے سے بچوں کی حالت غیر

کراچی (این این آئی) صوبائی دارالحکومت کراچی کے علاقے ہجرت کالونی میں نجی اسکول میں جنریٹر کا دھواں بھرنے سے بچوں کی حالت غیر ہوگئی، ڈائریکٹوریٹ آف پرائیویٹ انسٹی ٹیوشنز نے واقعہ کا نوٹس لے لیا۔ پولیس نے بتایا کہ دھویں سے اسکول میں موجود 22 بچے متاثر ہوئے، تمام بچوں کی طبیعت بہتر ہے، 3 بچوں کو طبی امداد دی جا رہی ہے۔ ڈائریکٹوریٹ آف (بقیہ نمبر 36)

سعودی سرمایہ کاری کے عملی اقدامات پر کام شروع ہو چکا، گوہر اعجاز

اسلام آباد (این این آئی) سابق نگراں وزیر تجارت وصنعت گوہر اعجاز نے کہاہے کہ سعودی عرب کی پاکستان میں سرمایہ کاری کے عملی اقدامات پر کام شروع ہو چکا ہے۔ گوہر اعجاز نے اپنے بیان میں کہا کہ نگراں حکومت کے دور میں جی سی معاہدہ کیا گیا، سعودی عرب کے ساتھ دوطرفہ سرمایہ کاری کا معاہدہ بھی کیا گیا۔ اُنہوں نے بتایا کہ ایس آئی ایف سی، سرمایہ کاری بورڈ نے سرمایہ کاری سے متعلق تحفظات کو دور کیا۔ سابق نگراں وزیر تجارت وصنعت نے کہا کہ سعودی عرب کا پرائیویٹ سیکٹر پاکستان میں سرمایہ کاری کرے گا۔ اُنہوں نے بتایا کہ ریکوڈک مائنز میں سعودی سرمایہ کاری معاہدے کو حتمی شکل دی جائے گی۔ گوہر اعجاز نے بتایا کہ (بقیہ نمبر 37)

منڈی عثمان والا: پیسٹی سائیڈ پندرہ روزہ تربیتی کلاسز کا آغاز اسسٹنٹ ڈائریکٹر ایگریکلچر ڈاکٹر شہباز شریف شیروات کی بریفنگ

قصور (محمد انیس بھٹی سے) پیسٹی سائیڈ پندرہ روزہ تربیتی کلاسز کا آغاز باقاعدہ طور پر قصور اگریکلچر کے دفتر میں کر دیا گیا پیسٹی سائیڈ ٹریننگ کا مقصد نئے لائسنس ہولڈرز میں اپلائی کرنے والے مرد وخواتین کو زرعی ادویات کی خرید وفروخت اور استعمال کے ساتھ ساتھ قوانین کے بارے آگاہی فراہم کرنا ہے اسسٹنٹ ڈائریکٹر ایگریکلچر ڈاکٹر شہباز شریف شیروات نے زرعی ادویات کے بارے آگاہی دیتے ہوئے کہا کہ کسان زراعت اور معشیت میں ملک وقوم کی خوشحالی کے لئے ریڑھ کی ہڈی کی حثیت رکھتا ہے جسے کامیاب بنانے کے لئے پیسٹی سائیڈ ایک اہم کردار ادا کرتا ہے اگر اپ اپنے زیادہ منافع کے لالچ میں ایسی ادویات فروخت کرتے ہیں جن سے کسان اور زراعت دونوں کا نقصان ہو ایہ غلط بھی ہوا گا اور اپ کے خلاف کارروائی بھی یقینی عمل میں ہوگا ٹرینگ کا مقصد یہی ہے کہ آپ کسان بھائیوں کو اچھی ادوایات فراہم کریں جن سے فصل شاندار اور کسان خوشحال ہونے کے ساتھ ساتھ ملکی معشیت ساز گار ثابت ہو اور پیسٹی سائیڈ ایکٹ پر عملدآمد کو یقینی بنانے میں اپنا کردار لازمی ادا کرنا ہوگا۔

صنعتکار تاجر کو ریلیف سے ہی معیشت پاؤں پر کھڑی ہوگی' عدنان خالد

۔صنعتوں کی خوشحالی سے ہی معیشت مضبوط ہوتی یے ملک ترقی کرتے ہیں

لاہور (سٹی رپورٹر) نائب صدر لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری عدنان خالد بٹ نے کہا ہے ملکی معیشت کی خوشحالی تاجر صنعتکار سے عام آدمی تک مسائل میں کمی لائے گی۔ صنعتکار تاجر کو ریلیف سے ہی ملکی معیشت اپنے پاؤں پر کھڑی ہوگی۔ صنعتوں کی خوشحالی سے ہی معیشت مضبوط ہوتی یے ملک ترقی کرتے ہیں۔ ملک کے عام آدمی سے لے کر تاجر صنعتکار کارپوریٹ سیکٹر تک معاشی پالیسیز کا براہ راست تعلق ہے۔ ملکی اندرونی کاروباری و معاشی ذرائع اگر مضبوط نہ ہوں تو بیرونی قرضوں کی ضرورت پڑتی ہے۔ بیرونی قرضے معیشت کی جڑوں کو کمزور اور مہنگائی کو پروان چڑھانے کا باعث بنتے ہیں۔ بیرونی قرضوں کی بھرمار نے اندرونی ملکی معاشی صورتحال کو شدید مخدوش بنادیا ہے۔ صنعتی و کاروباری برادری پرامید ہے وزیراعظم پاکستان میاں محمد شہباز شریف صنعتی و کاروباری حلقوں کو مسائل سے نکال کر باہر لے آئیں گے۔

RED CRESCENT SOCIETY KASUR

پاکستان ریڈ کریسنٹ سوسائٹی ضلع قصور

سماجی ادارہ انجمن ہلال احمر قصور برانچ کو درج ذیل آسامی درکار ہے۔

نمبرشمار	پوسٹ	عمر سالوں میں	تعلیمی قابلیت معہ تجربہ
1	میڈیکل آفیسر	25-45	ایم بی بی ایس سیکنڈ ڈویژن بمعہ 5 سالہ تجربہ ایڈیشنل پوسٹ گریجوایٹ ڈگری

جنرل ٹرم اینڈ کنڈیشن

1۔ اوپر دی گئی آسامی کی معیاد کنٹریکٹ کی بنیاد پر ایک سال ہوگی انجمن ہلال احمر کی پالیسی ورول کے مطابق ادارہ کو مطمئن کرنے کے بعد Renew کیا جاسکتا ہے۔
2۔ ماہانہ تنخواہ بمعہ تمام الاؤنسز مبلغ /Rs.60,000 ہوگی۔
3۔ مقامی حضرات کو ترجیح دی جائے گی۔
4۔ درخواست کے ہمراہ ضلع قصور کا ڈومیسائل اور شناختی کارڈ ہونا لازمی ہوگا۔
5۔ تمام درخواستیں امیدواران کی طرف سے مورخہ 27-04-2024 کو ہیڈ آفس انجمن ہلال احمر کمرہ نمبر 23 ضلع کونسل ہال قصور میں جمع کروائی جاسکتی ہیں۔
6۔ انٹرویو مورخہ 29-04-2024 بروز پیر ڈی سی آفس قصور کمیٹی روم میں 12 بجے دوپہر ہوں گے۔

آفس انچارج
اعظم محمود پاکستان ریڈ کریسنٹ سوسائٹی قصور
فون نمبر 0300-6583048

آل پاکستان تنظیم مغلیہ رجسٹرڈ و مغل مجلس شوری پاکستان کا مشترکہ اجلاس وعید ملن پارٹی کا پروگرام منعقد ہوا

گوجرانوالہ (یاسین مغل سے) آل پاکستان تنظیم مغلیہ رجسٹرڈ و مغل مجلس شوری پاکستان کا مشترکہ اجلاس وعید ملن پارٹی کا پروگرام منعقد ہوا۔ آل پاکستان تنظیم مغلیہ رجسٹرڈ کے صدر و مغل مجلس شوری پاکستان کے سربراہ حاجی عبدالرؤف مغل نے اجلاس کی صدارت کی۔ قائد برادری بیرسٹر علی اشرف، بانی تنظیم مغلیہ پاکستان اسحاق مغل کے صاحبزادے خالد اسحاق مغل، بین المذاہب امور گوجرانوالہ ڈویژن کے چیئرمین محمد یوسف کھوکھر کی پروگرام میں خصوصی آمد، تمام آنے والے مہمانوں کا گرمجوشی سے استقبال کیا گیا اور پھولوں کا گلدستہ پیش کیا گیا۔ پروگرام کا باقاعدہ آغاز قران پاک کی تلاوت سے کیا گیا۔ سٹیج سیکرٹری کے فرائض ڈپٹی جنرل سیکرٹری حافظ عبدالغفور مغل نے ادا کیا۔ اجلاس میں تمام کور کمیٹیوں کے ایگزیکٹو ممبران نے بھرپور شرکت کی اور مغل برادری کی فلاح بہبود اور ایک دوسرے کے ساتھ باہمی تعلقات کو بحال کرنے کے حوالے سے اپنے اپنے خیالات کا اظہار کیا، بانی تنظیم مغلیہ پاکستان اسحاق مغل کے صاحبزادے محمد خالد اسحاق مغل نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے آل پاکستان تنظیم مغلیہ کے تحت ہونے والے تمام پروگراموں کو سراہا اور حاجی عبدالرؤف مغل اور ان کی ٹیم کو خراج تحسین پیش کیا۔ قائد برادری بیرسٹر علی اشرف مغل نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ہمیں ذوق وشوق کے ساتھ کندھے سے کندھا ملا کر چلنا چاہیے اور ایک دوسرے کے تعاون کرنا چاہیے۔ صدر حاجی عبدالرؤف نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ہم کو ابھی بہت زیادہ محنت کرنے کی ضرورت ہے۔ ہم نے یونین ای کونسل لیول سے کام شروع کر دیا ہے، انشا اللہ تعالی ہر یونین کونسل میں ہماری کور کمیٹی بنے گی۔ بعد میں عید ملن پارٹی کا کیک کاٹا گیا اور پرتکلف انٹرٹیمنٹ دی گئی۔ پروگرام میں آل پاکستان تنظیم مغلیہ رجسٹرڈ کے سینئر نائب صدر چیئرمین مقصود احمد مغل، نائب صدر میاں خالد سیف اللہ، نائب صدر میاں ضیاءاللہ ستار، نائب صدر حاجی اختر علی مغل، عبدالغفار قمر مغل، عبدالرشید مغل، امجد مغل، غلام مصطفیٰ مغل، فیصل مغل، عابد علی مغل، ادریس مغل، ماجد عرفان صدیقی، وقار یوسف کھوکھر، امتیاز مغل اور دوسرے ممبران نے بھرپور شرکت کی۔

منہاج ویلفیئر فاونڈیشن کے زیراہتمام منہاج کالج برائے خواتین ڈسکہ کے سنگ بنیاد کی تقریب منعقد ہوئی

ڈسکہ (محمد بلال سے) منہاج ویلفیئر فاونڈیشن کے زیراہتمام منہاج کالج برائے خواتین ڈسکہ کے سنگ بنیاد کی تقریب منعقد ہوئی مہمان خصوصی چیئرمین انجلز سکول سسٹم سلیم یونس چیمہ تھے آغاز تلاوت کلام پاک اور نعت رسول مقبول ﷺ سے ہوا چیئرمین انجلز سکول سسٹم سلیم یونس چیمہ نے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ڈاکٹر محمد طاہر القادری اور منہاج القرآن کی خدمات بے مثال ولازوال ہیں میں نے منہاج القرآن جا کر خود دیکھا ہے تعلیم کا معیار اور طلبہ وطالبات کی تربیت جو منہاج القرآن کا ہی خاصہ ہے انہوں نے ایک لاکھ روپے منہاج کالج کیلئے عطیہ کئے اور مزید تعاون کی بھی یقین دہانی کروائی ڈائریکٹر منہاج القرآن ناروے علامہ نور احمد نور نے کہا کہ ڈاکٹر محمد طاہر القادری مدظلہ العالی اس صدی کے مجدد ہیں آپ پوری انسانیت کے لیے کام کر رہے ہیں سید قیصر عباس گیلانی شاہ جنہوں نے چار کنال اراضی منہاج گرلز کالج کے لئے فی سبیل اللہ وقف کی انہوں نے کہا کہ میں آج بہت خوش ہوں کہ جو میں نے سوچا تھا آج وہ پورا ہو رہا ہے اس موقع پر حاضرین نے بھی اس عظیم نیکی کے کام کے لئے عطیات دیے محمد اسلم بسرا قادری، مختار احمد ساہی نے مہمانان گرامی اور ایگزیکٹو کونسل کے ممبران کے ہمراہ منہاج گرلز کالج کا سنگ بنیاد رکھا علامہ ثنااللہ ربانی، محمد اسلم بسرا قادری، علامہ عامر انور، چوہدری مختار احمد ساہی، حافظ غلام مصطفیٰ، اللہ رکھا قادری، گوہر ایوب ایڈووکیٹ، زاہد محمود چوہان، غلام جیلانی قادری ودیگر نے آنے والے معزز مہمانوں کو خوش آمدید کہا آخر میں علامہ نور احمد نور نے دعا کروائی

سرگودھا، ضلع بھر میں پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کے تندوروں، ہوٹلوں پر چھاپے اور لاکھوں روپے کے جرمانے

سرگودہا (بیورو چیف) سرگودھا، ضلع بھر میں پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کے تندوروں، ہوٹلوں پر چھاپے اور لاکھوں روپے کے جرمانے تفصیلات کے مطابق حکومت پنجاب کی ہدایت کے مطابق 100 گرام روٹی کی قیمت 15 روپے اور 120 گرام نان کی مقرر قیمت 20 روپے پر عملدرامد یقینی بنانے کیلئے سرگودھا بھر میں سپیشل پرائس کنٹرول مجسٹریٹ سرگرم ہوگئے ہیں۔ اس سلسلے میں ڈی سی سرگودھا نے کہا ہے کہ روٹی اور نان سمیت دیگر ضروریات زندگی کی اشیا زائد قیمتوں پر فروخت کر کے قانون کی خلاف ورزی کی کسی کو کسی بھی صورت میں اجازت نہیں کی جائے گی۔ دکاندار روٹی کی مقررہ قیمت کے ساتھ ساتھ پورا وزن بھی یقینی بنائیں۔ ڈی سی سرگودھا کیپٹن ریٹائرڈ شعیب علی نے کہا ھے کہ عوام کو ریلیف فراہم کرنا حکومت پنجاب کی اولین ترجیح ہے۔ انھوں نے کہا کہ تندرو اور ہوٹل مالکان نرخ نامے نمایاں جگہوں پر آویزاں کریں

سرگودھا، منشیات کی خرید وفروخت، غیرقانونی اسلحہ رکھنے اور اسکی نمائش کو کسی صورت برداشت نہیں کیا جائیگا، آر پی او شارق کمال صدیقی

سرگودھا (بیورو چیف رانا اسلم شاہین) سرگودھا، منشیات کی خرید وفروخت، غیر قانونی اسلحہ رکھنے اور اسکی نمائش کو کسی صورت برداشت نہیں کیا جائیگا۔ آر پی او شارق کمال صدیقی نے ان خیالات کا اظہار سرگودھا ریجن پولیس کی ناجائز اسلحہ ومنشیات کے خلاف کاروائی کا جائزہ لیتے ہوئے ایک اجلاس سے خطاب میں کیا، انھوں نے کہا کہ منشیات فروشی کسی صورت قابل قبول نہیں۔ یہ لعنت پرامن معاشروں میں بگاڑ کا ایک سبب ہے۔ اس جرم میں ملوث تمام کرداروں کے خلاف کاروائی جاری رکھی جائے گی۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ سرگودھا ریجن کے چاروں اضلاع سرگودھا، خوشاب، میانوالی اور بھکر پولیس نے رواں سال کے پہلے تین ماہ کے دوران منشیات فروشوں کے خلاف 953 مقدمات کا اندراج کر کے 538 کلوگرام چرس، 5.46 کلوآئس، 10 کلوہیروئن، 09 کلوافیون، 20 ہزار لیٹر شراب، 1177 لیٹر لہن، 06 چالو بھٹیاں برآمد کی۔ اسی طرح ناجائز اسلحہ رکھنا اور اسکی نمائش کرنا بذات خود خوف ہراس پیدا کرتا ہے اور مزید سنگین جرائم کا سبب بنتا ہے۔ ناجائز اسلحہ رکھنے اور اس کی نمائش کرنے والوں کے خلاف بلاتفریق کاروائی عمل میں لائی جا رہی ہے۔ اجلاس میں مزید بتایا گیا کہ اب تک سرگودھا ریجن پولیس نے ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کریک ڈاؤن کرتے ہوئے 1327 مقدمات درج کر کے 74 کلاشنکوف، 140 رائفلز، 1136 پسٹل، 134 بندوق بارہ بور، 02 کاربین، 02 عدد خنجر اور 6215 عدد کارتوس برآمد کیے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ لوگوں کے تعاون کے بغیر پرامن معاشرے کا قیام ممکن نہیں۔ پولیس کی اولین ذمہ داری عوام کے جان ومال کا تحفظ ہے، جس کے لیے سرگودھا ریجن پولیس ہمہ وقت سرگرم عمل ہے۔

تھانہ اے ڈویژن پولیس کی ایس ایچ او محمد نصیب کی سربراہی میں انچارج چوکی پرانا لاری اڈا فہد رضا نے 15 لاکھ روپے کی چوری شدہ مشینری برآمد کر لی

قصور (بیورو چیف شفاقت علی چوہدری) 15 لاکھ روپے کی چوری شدہ مشینری برآمد، ملزم گرفتار، تھانہ اے ڈویژن پولیس کی ایس ایچ او محمد نصیب کی سربراہی میں انچارج چوکی پرانا لاری اڈا فہد رضا نے 15 لاکھ روپے کی چوری شدہ مشینری برآمد کر لی تفصیل کے مطابق شاہ عنایت کالونی کے رہائشی طارق محمود کے کارخانہ سے نامعلوم ملزم مشینری چوری کر کے لے گئے تھے۔ ڈی ایس پی سٹی کی خصوصی ہدایت پر انچارج چوکی فہد رضا نے مسلسل محنت کے بعد نامعلوم ملزم کو گرفتار کر لیا۔ ملزم کی شناخت شاہد ولد شفیق سکنہ روڈ کوٹ قصور کے نام سے ہوئی، جس کے قبضہ سے چوری شدہ مشینری برآمد کر لی گئی ہے۔ تھانہ اے ڈویژن پولیس نے ملزم کو باضابطہ حراست میں لیکر مزید تفتیش شروع کر دی ہے۔ ڈی پی او قصور طارق عزیز سندھو نے عمدہ پرفارمنس پر ایس ایچ او محمد نصیب، انچارج چوکی پرانا لاری اڈا فہد رضا سمیت ان کی کی پوری ٹیم کو شاباش دی ہے۔

گلابی نمک کو دنیا بھر میں ایکسپورٹ کرنے کیلئے حکومتی سرپرستی ضروری ہے، ٹی ڈی اے پی اطہر حسین کھوکھر

سرگودھا (بیورو چیف، رانا اسلم شاہین) گلابی نمک کو دنیا بھر میں ایکسپورٹ کرنے کیلئے حکومتی سرپرستی ضروری ہے، تاجروں اور اداروں میں باہمی روابط سے نمک کی انڈسٹری سے اربوں کا زرمبادلہ حاصل کیا جاسکتا ہے، ٹریڈ ڈویلپمنٹ اتھارٹی آف پاکستان اور سرگودھا چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے زیراہتمام پنک سالٹ کی برآمدات میں اضافے کیلئے منعقدہ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے ڈی جی ٹی ڈی اے پی اطہر حسین کھوکھر، صدر سرگودھا چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری ساجد حسین تارڑ، صدر سمال چیمبر ڈاکٹر ابتیاز ڈوگر، فوکل پرسن ٹی ڈی اے پی ملک حافظ کامران ملک، اسسٹنٹ ڈائریکٹر ای کامرس عادل مختار، اسسٹنٹ منیجر نعیم منظور اور نمک ایکسپوٹر آصف نصیر گوندل نے اپنے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ حکومت دنیا بھر میں گلابی نمک کو ایکسپورٹ کرنے کیلئے تاجروں کو آگاہی فراہم کر رہی ہے جس کیلئے، ٹی ڈی اے پی کی جانب سے ویب سائٹ اور پاکستان بھر کے چیمبر آف کامرس کے اشتراک سے سیمینار منعقد کر کے ایکسپوٹر حضرات سے مسائل کی آگاہی حاصل کر رہے ہیں تاکہ حکومتی سطح پر ان مسائل کو حل کیا جاسکے انہوں نے کہا کہ امریکہ کیساتھ پاکستان کا گلابی نمک بھجوانے پر عمل درآمد شروع ہو چکا ہے، صدر سرگودھا چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری ساجد حسین تارڑ نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جب تک ایکسپوٹر حضرات کے مسائل کو حل نہیں کیا جاتا اس وقت تک نمک کی ایکسپورٹ میں اضافہ ممکن نہیں ہے وقت کا تقاضہ ہے کہ دنیا بھر میں نمک ایکسپورٹ کرنے کیلئے آسان اور کم قیمت ریٹ پر ایکسپوٹر حضرات کو نمک بھجوانے کی اجازت دی جائے، صدر سمال چیمبر ڈاکٹر ابتیاز ڈوگر نے کہا کہ حکومت کی جانب سے گلابی نمک کو ایکسپورٹ کرنے ایک اچھا اقدام ہے جس سے ملک کو زرمبارلہ حاصل ہوگا اور ملک کا نام بھی روشن ہوگا۔ اس موقع پر سابق ایگزیکٹو ممبر سرگودھا چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹر وایکسپوٹر آصف نصیر گوندل نے تاجروں کو نمک ایکسپورٹ کرنے میں حائل مشکلات سے اگاہ کرتے ہوئے کہا کہ حکومت فوری طور پر ان مسائل کو حال کرے تا کہ دنیا بھر میں کنو کی طرح نمک بھی پاکستان کی پہچان بنے۔ اس موقع پر سرگودھا چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے ایگزیکٹو ممبران، نمک کے کاروبار سے وابسطہ ایکسپوٹرز حضرات نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔

فاروق آباد سچا سودا گردوارہ میں میں بیساکھی میلہ کی تقریبات میں بھارت سمیت دنیا بھر سے ہزاروں سکھ یاتریوں کی گوردوارہ سچا سودا فاروق آباد میں آمد

فاروق آباد) رانا محمد ادریس سے) فاروق آباد سچا سودا گردوارہ میں میں بیساکھی میلہ کی تقریبات میں بھارت سمیت دنیا بھر سے ہزاروں سکھ یاتریوں کی گوردوارہ سچا سودا فاروق آباد میں آمد ہزاروں کی تعداد میں سکھ یاتری نے اپنی مذہبی رسومات ادا کی ضلعی انتظامیہ کی جانب سے ان کا شاندار استقبال کیا گیا سکھ یاتریوں کیلئے محکمہ صحت کی جانب سے عارضی ہسپتال قائم کیا اور ریسکیو 1122 سمیت تمام متعلقہ اداروں نے اپنا اپنا کردار ادا کیا سکیورٹی کے فول پروف انتظامات کیے گئے اس موقع پر کمشنر لاہور ڈویژن محمد علی رندھاوا اور آر پی او شیخوپورہ ریجن اطہر اسماعیل کا سچا سودا کا دورہ کیا۔ ڈپٹی کمشنر شیخوپورہ ڈاکٹر وقار علی خان، ڈسٹرکٹ پولیس افیسر شیخوپورہ زاہد مروت، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر فنانس و پلاننگ میاں نزیر احمد، اسسٹنٹ کمشنر شیخوپورہ لاریب اسلم ودیگر افسران بھی اس موقع پر موجود تھے سچا سودا فاروق آباد گردوارہ میں سی سی ٹی وی کمرے، واک تھروگیٹ لگائے گئے سکھ یاتریوں کو واک تھروگیٹ سے گزار کر چیک کرنے کے بعد گوردوارہ میں داخل ہونے کی اجازت دی گئی سکھ یاتریوں کیلئے پارکنگ کا وسیع انتظام کیا گیا ہے اور ڈی پی او کی جانب سے پولیس، ایلیٹ فورس، ٹریفک پولیس سمیت دیگر قانون نافذ کرنیوالے اداروں کے اہلکار اپنی ڈیوٹی کے فرائض سرانجام دے رہے ہیں علاوہ ازیں کمشنر لاہور اور آر پی او شیخوپورہ نے سکھ یاتریوں کے ہمراہ گردوارہ صاحب پر بھی حاضری دی اور انکی مذہبی رسومات میں بھی شرکت کی تین ہزار کے قریب سکھ یاتری اپنی مذہبی رسومات ادا کر کے سخت سیکورٹی میں بسوں کے ذریعے فاروق آباد سچا سودا سے ننکانہ صاحب واپس چلے گئے۔

پرائس کنٹرول مجسٹریٹس نے سرکاری قیمتوں کے نفاذ کیلئے گزشتہ روز 662 انسپیکشنز کیں اور 57 ناجائز منافع خوروں کو مجموعی طور پر 80 ہزار روپے جرمانے کیے

چشتیاں (نمائندہ خصوصی سے) چشتیاں ڈپٹی کمشنر بہاولنگر ذوالفقار احمد نے کہا ہے کہ ضلع بھر میں ناجائز منافع خوری، ذخیرہ اندوزی اور ملاوٹی اشیا بیچنے والوں کیخلاف کریک ڈاؤن شروع کرتے ہوئے پرائس کنٹرول مجسٹریٹس نے سرکاری قیمتوں کے نفاذ کیلئے گزشتہ روز 662 انسپیکشنز کیں اور 57 ناجائز منافع خوروں کو مجموعی طور پر 80 ہزار روپے جرمانے کیے جبکہ 8 افراد کو گرفتار کیا گیا ہے اور 2 کے خلاف تھانوں میں مقدمات کا اندرج کروایا گیا ہے۔ انہوں نے اپنے ایک حکم میں کہا کہ بہاولنگر ضلع کی حدود میں نان اور تندوری روٹی کی قیمتوں میں کمی کردی گئی ہے۔ قیمتوں میں کمی وزیر اعلی پنجاب کے احکامات پر گندم کی قیمتوں میں کمی کے باعث کی گئی۔ نوٹیفکیشن کے مطابق 100 گرام روٹی کی قیمت 15 روپے اور 120 گرام نان کی قیمت 20 روپے مقرر کی گئی ہے۔ یہ احکامات فوری طور پر اور تاحکم ثانی نافذ العمل ہوں گئے ہے۔ انہوں نے کہا کہ شہریوں کو ریلیف فراہم کرنے کے لیا انتظامیہ مسلسل نگرانی کر رہی ہے اور 50 پرائس کنٹرول مجسٹریٹس فیلڈ میں متحرک ہیں۔ جو ناجائز منافع خوری، ذخیرہ اندوزی، ملاوٹ کرنے والوں کے خلاف سخت کارروائیاں عمل میں لا رہے ہیں۔ ڈپٹی کمشنر بہاولنگر نیاشیا خورد ونوش کی سرکاری نرخوں پر فروخت کو یقینی بنانے کے سلسلہ میں ایک خصوصی اجلاس کے دوران مزید کہا کہ ضلع بھر کے پرائس کنٹرول مجسٹریٹ کی کارکردگی کا علیحدہ علیحدہ ڈیش بورڈ بنوا کر فیلڈ کارروائیوں کا جائزہ لیا جارہا ہے

وہ عوام کو حقیقی ریلیف فراہم کرنے، انہیں بہتر شہری سہولیات کی فراہمی اور روزمرہ مسائل کے فوری حل کے لئے باہمی رابطے کو موثر بنائیں اور کام میں آنے والی رکاوٹوں کو ترجیحی بنیادوں پر حل کریں، کمشنر ساہیوال ڈویژن شعیب اقبال سید

ساہیوال (شاکر ہاشمی) کمشنر ساہیوال ڈویژن شعیب اقبال سید نے سرکاری افسران پر زور دیا ہے کہ وہ عوام کو حقیقی ریلیف فراہم کرنے، انہیں بہتر شہری سہولیات کی فراہمی اور روزمرہ مسائل کے فوری حل کے لئے باہمی رابطے کو موثر بنائیں اور کام میں آنے والی رکاوٹوں کو ترجیحی بنیادوں پر حل کریں۔ سرکاری افسران کی بنیادی ذمہ داری عوام کی خدمت ہے جس کے لئے تمام وسائل بروئے کار لائے جانے چاہیں۔ انہوں نے یہ بات اپنے دفتر میں پسپ پروگرام اور میونسپل کارپوریشن کی کارکردگی کے جائزہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کہی جس میں ایڈیشنل کمشنر کوارڈینیشن شفیق احمد ڈوگر، ڈی جی پی ایچ اے محمد اکرام ملک، ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ ڈاکٹر سیف اللہ، اے سی جنرل علیزہ ریحان، چیف آفیسر میونسپل کارپوریشن اشفاق احمد، سٹی منیجر پسپ محمد اسجد خان، سیکرٹری آر ٹی اے واصف یاسین اور ایکسین ہائی وے میاں افتخار احمد نے شرکت کی۔ انہوں نے پسپ پروگرام کے تحت شہر کی اہم سڑکوں خصوصا پاک پتن روڈ پر سیوریج پائپ بچھانے کے بعد ان کی مرمت کے کام کو فوری شروع کرنے اور انہیں ترجیحی بنیادوں پر مکمل کرنے کی بھی ہدایت کی تا کہ سفر کرنے والوں کی مشکلات دور ہو سکیں۔ کمشنر ساہیوال شعیب اقبال سید نے راجباہ 9 ایل کے کناروں کی صفائی پر عدم اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے ایڈیشنل کمشنر کوارڈینیشن شفیق احمد ڈوگر کو نہر کے کنارے اپنی نگرانی میں صاف کروانے کی ہدایت کی۔ انہوں نے ڈی جی پی ایچ اے محمد اکرام ملک کو ملتان روڈ پر نئے تعمیر شدہ اوور ہیڈ برج کے نیچے شجرکاری کرنے کی بھی ہدایت کی۔ قبل ازیں اجلاس میں چیف آفیسر میونسپل کارپوریشن اشفاق احمد کی والدہ اور میونسپل آفیسر اشفاق احمد لودھی کے بڑے بھائی کی وفات پر ان کی مغفرت اور بلندی درجات کی خصوصی دعا بھی کی گئی۔

چیف ایڈیٹر: مسز راحت آراء
ایڈیٹر: حیدر علی بھٹی
پرنٹر وپبلشر اصغر علی جٹ نے مسافت پرنٹرز سے چھپوا کر آٹو سنٹر 108 لٹن روڈ لاہور سے شائع کیا
رابطہ نمبر۔ 0320-1420226